DAY:________ DATE:________

سورۃ سبا

**سبا سے کیا مراد ہے اس سورت کو یہ نام کیوں دیا گیا؟**

اس سورت میں قوم سبا کا واقعہ بیان ہوا ہے اسی مناسبت سے اسے سورہ سبا کہا جاتا ہے

**قوم سبا پر عذاب کیوں نازل کیا گیا؟**

کیونکہ انہوں نے اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کی ناشکری کی۔

**جنات حضرت سلیمان کے لیے کیا بناتے تھے؟**

جنات ہر وہ چیز بناتے جو وہ چاہتے جیسے اونچے اونچے محل، تصویریں، بڑے بڑے حوضوں کے برابر پیالے اور ایک جگہ جمی ہوتی دیگیں۔

**حضرت داؤد کو کس صنعت کا علم عطا کیا گیا؟**

حضرت داؤد کو لوہے کی صنعت کا علم عطا فرمایا۔ ان کے لیے لوہے کو نرم کر دیا گیا۔

**کون کون سی چیزیں حضرت سلیمان کے قابو میں دی گئیں تھیں؟**

ہوا کو سلیمان کے قابو میں دے دیا گیا اور ہم نے اسکے لیے پگھلے ہوتے تانبے کا چشمہ بہا دیا۔

اور کچھ جن ان کے قابو میں دے دیے گئے جو اپنے
رب کے حکم سے اسکے آگے کام کرتے تھے۔

## خودداری کا واقعہ

حضرت انس فرماتے ہیں ایک انصاری نے حضور پاک صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر سوال کیا تو آپ نے ارشاد فرمایا: کیا تمہارے گھر میں کچھ نہیں ہے؟ اس نے عرض کی: جی ہے اور وہ ایک ٹاٹ ہے جس کا ایک حصہ ہم اوڑھتے ہیں اور ایک حصہ بچھاتے ہیں اور ایک لکڑی کا پیالہ ہے جس میں ہم پانی پیتے ہیں ارشاد فرمایا: دونوں چیزوں کو میرے سامنے حاضر کرو۔ انہوں نے حاضر کردی تو حضور نے انہیں اپنے ہاتھ میں لے کر ارشاد فرمایا کون انہیں خریدتا ہے؟ ایک صاحب نے اسے دو درہم میں خریدا۔ انہیں یہ چیزیں دے دیں اور درہم لے لیے اور انصاری کو دونوں درہم دے کر ارشاد فرمایا: 1 درہم کا کھانا خرید کر گھر ڈال آؤ اور دوسرے کی کلہاڑی لے کر میرے پاس آؤ۔ وہ لے کر حاضر ہوئے تو حضور کریم نے اپنے دست مبارک سے اس میں دستہ ڈالا اور فرمایا جاؤ لکڑیاں کاٹو اور بیچو اور ۱۵ دن تک میں تمہیں نہ دیکھوں۔ پھر ۱۵ دن کے بعد وہ حاضر ہوئے تو ان کے پاس ۱۰ درہم تھے تو حضور پاک نے ارشاد فرمایا یہ اس سے بہتر ہے کہ قیامت کے دن سوال تمہارے منہ پر چھالا بن کر آتا۔

DAY:____________ DATE:____________

سورۃ فاطر

## کیا اللہ پاک نے فرشتوں کے اُڑنے کے لیے پر بنائے ہیں؟

فرشتوں کو رسول بنانے والا ہے جن کے دو، تین پر ہیں۔ پیدائش میں جو چاہتا ہے بڑھا دیتا ہے بے شک اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔

## کیا انسان کے بنائے ہوئے بت کسی نفع و نقصان کے مالک ہو سکتے ہیں؟

انسان کے بنائے ہوئے بت جنہیں انسان اللہ کے سوا پوجتا ہے۔ وہ کسی نفع و نقصان کے مالک نہیں حتیٰ کہ کھجور کے چھلکے کے بھی نہیں۔

## آیت نمبر 27 اور 28 میں قدرت الٰہی کی کن نشانیوں کا بیان ہے۔

اللہ عزوجل نے آسمان سے پانی اُتارا۔ مختلف رنگوں والے پھل نکالے۔ پہاڑوں میں سفید اور سرخ رنگ والے رستے ہیں۔ اسی طرح آدمیوں اور جانوروں اور چوپایوں کے مختلف رنگ ہیں۔

## آیت نمبر 32 کی روشنی میں بتائیے بندوں کے کتنے اور کونسے درجات ہیں؟

DAY:______ DATE:______

آیت نمبر 32 کی روشنی میں بندوں کے 3 درجات ہیں۔

* اپنی جانوں پر ظلم کرنے والا
* درمیانہ رستہ اختیار کرنے والے
* بھلائیوں میں سبقت لے جانے والے

## جب کافروں کو جہنم میں ڈالا جائے گا تو وہ کیا فریاد کریں گے...؟

جب کافروں کو جہنم میں ڈالا جائے گا تو وہ کہیں گے اے ہمارے رب! ہمیں نکال دے تاکہ ہم اچھا کام کریں اسکے برخلاف جو ہم پہلے کرتے تھے جواب ملے گا:-

کیا تم کو عمر نہ دی تھی جس میں سمجھنے والا سمجھ لیتا اور تمہارے پاس ڈر سنانے والا تشریف لایا تھا اب مزہ چکھو، پس ظالموں کیلئے کوئی مددگار نہیں۔

## قرآن مجید کی تلاوت کے آداب

* قرآن پاک کی تلاوت کے آغاز میں تعوذ پڑھنا مستحب اور ابتدائے سورت میں بسم اللہ پڑھنا سنت ہے۔
* باوضو، قبلہ رو، اچھے کپڑے پہن کر تلاوت کرنا مستحب ہے۔

DAY:________ DATE:________

قرآن مجید کو اچھی آواز کے ساتھ پڑھنا چاہیے
اگر اچھی آواز نہ ہو تو اچھی آواز بنانے کی کوشش
کرنی چاہیے۔

قرآن مجید کو جزدان و غلاف میں رکھنا ادب
ہے صحابہ و تابعین کے زمانے میں اس پر مسلمانوں کا
عمل ہے۔

قرآنِ مجید کی تلاوت سے قبل اسے چومنا بھی چاہیے۔
سیدنا فاروقِ اعظم روزانہ قرآنِ مجید کو چومتے
اور فرماتے "یہ میرے رب کا عہد اور اسکی
کتاب ہے"

قرآن مجید دیکھ کر پڑھنا زبانی پڑھنے سے افضل ہے۔

قرآنِ مجید کی تلاوت کے دوران لحن سے بچنا
چاہیے کہ یہ ناجائز ہے۔

قرآنِ مجید ختم ہونے پر دعا مانگنی چاہیے کہ اس
وقت دعا قبول ہوتی ہے۔

(سورۃ لیٰسین، حصّہ ۱)

## سورۃ لیٰسین

## آیت نمبر ۱۱ کی روشنی میں بتائیے کس کے لیے بخشش اور ثواب کی بشارت ہے؟

جو رحمٰن سے بغیر دیکھے ڈرے تو اسکے لیے بخشش اور

DAY: DATE:

ثواب کی بشارت ہے۔

## آیت نمبر 12 میں امام مبین سے کیا مراد ہے؟

امام مبین سے مراد ایک ظاہر کر دینے والی کتاب یعنی قرآن مجید ہے۔

## آیت 15 تا 17 میں رسولوں اور بستی والوں کے درمیان گفتگو تحریر کیجیے۔

رسولوں نے کہا: ہمارا رب جانتا ہے کہ بیشک ضرور ہم تمہاری طرف بھیجے گئے ہیں اور ہمارے ذمہ صرف صاف صاف تبلیغ کر دینا ہی ہے لوگوں نے کہا: تم تو ہمارے جیسے آدمی ہو اور رحمٰن نے کوئی چیز نہیں اتاری تم صرف جھوٹ بول رہے ہو۔

## سورۃ یٰسین میں ذکر کی گئیں اللہ پاک کی قدرت کی نشانیاں تحریر کیجیے۔

مرنے کے بعد دوبارہ اٹھایا جانا، مردہ اور بنجر زمین کو سرسبز کرنا، رات کو دن میں بدل ڈالنا اور سورج اور چاند کو طلوع و غروب کرنے پر قدرت رکھتا ہے۔

## شگون پر نوٹ تحریر کیجیے۔

شگون کا معنی ہے فال لینا۔ یعنی کسی چیز

DAY: DATE:

شخص، عمل، آواز یا وقت کو اپنے حق میں اچھا یا بُرا سمجھنا۔

بنیادی طور پر شگون کی دو قسمیں ہیں۔

* بُرا شگون لینا
* اچھا شگون لینا

اچھا شگون یہ ہے کہ جس کام کا ارادہ کیا ہو اسکے بارے میں کوئی کلام سن کر دلیل پکڑنا یہ اس وقت ہے جب کلام اچھا ہو۔ ایک مسلمان کا دوسرے مسلمان کے بارے میں گمان اچھا ہونا چاہیے۔ برا گمان ہو تو اسے بدشگونی کہتے ہیں۔

شریعت نے اس بات کا حکم دیا ہے کہ انسان اچھا شگون لے کر خوش رہے اور خوشی خوشی اپنا ہر کام تکمیل تک پہنچائے۔ اور جب برا کلام سنے تو اسکی طرف توجہ نہ کرے نہ ہی اسکے سبب اپنے کام سے رُکے۔

(یٰسین حصہ: 2)

## بروزِ قیامت مجرموں کو کون سے عہد یاد دلائے جائیں گے

اے اولادِ آدم! کیا ہم نے تم سے عہد نہیں لیا تھا کہ شیطان کی پیروی نہ کرنا وہ تمہارا کھلا دشمن

DAY: DATE:

## قبروں سے نکلتے وقت کفار کس طرح افسوس کریں گے؟ آیت 52 کی روشنی میں بتائیے۔

کہیں گے ہائے ہماری خرابی! کس نے ہمیں ہماری نیند سے جگا دیا؟ یہ وہ ہے جس کا رحمٰن نے وعدہ کیا تھا اور رسولوں نے سچ فرمایا تھا۔

## چوپایوں اور جانوروں کی پیدائش میں آدمی کے لیے مقام شکر ہے۔ آیت 72، 73 کی روشنی میں واضح کیجیے۔

اور ہم نے ان چوپایوں کو ان کے لیے تابع کر دیا۔ تو ان چوپایوں سے کچھ ان کی سواریاں ہیں اور کچھ سے وہ کھاتے ہیں اور لوگوں کے لیے ان چوپایوں میں کتنی طرح کے منافع اور پینے کی چیزیں ہیں تو کیا وہ لوگ شکر ادا نہیں کریں گے۔

## اللہ پاک کی راہ میں خرچ کرنے کے فضائل تحریر کیجیے

حضرت ابوہریرہ سے روایت ہے کہ نبی کریم نے فرمایا "صدقہ سے مال کم نہیں ہوتا"

صدقہ دینے والے پر رحمتِ الٰہی کی چھما چھم برسات ہوتی ہے۔

DAY:________ DATE:________

بروزِ قیامت آدمی اپنے صدقے کے سائے میں ہوگا۔
اللہ کی راہ میں خرچ کرنے سے بخل اور کنجوسی جیسی
بُری صفات سے چھٹکارا ملتا ہے۔
صدقہ کرنے سے مصیبتوں، پریشانیوں سے چھٹکارا
ملتا ہے۔ صدقہ قبر کے اندھیرے کو دور کرے گا۔
اس سے حساب و کتاب میں آسانی ہوگی۔
صدقہ کرنے سے اللہ عزوجل اور اسکے رسول کی
رضا حاصل ہوتی ہے۔ محبتوں میں اضافہ ہوتا
ہے

(سورۃ الصفت)

## آیت 65 کی روشنی میں بتائیے زقوم کیا ہے؟

وہ ایک درخت ہے جو جہنم کی جڑ سے
نکلتا ہے اسکا شگوفہ ایسے ہے جیسے شیطان
کے سر ہیں۔

## بتوں کو توڑنے کے بعد حضرت ابراہیم نے مشرکوں سے کیا فرمایا؟

کیا تم ان کی عبادت کرتے ہو جنہیں خود
تراشتے ہو۔

## حضرت ابراہیم نے اپنے بیٹے کو قربانی کے بارے میں بتایا تو بیٹے نے کیا کہا؟

DAY: DATE:

کہا اے میرے باپ آپ وہی کریں جسکا آپکو حکم دیا جاتا ہے ان شاء اللہ آپ مجھے ضرور صبر کرنے والوں میں پائیں گے۔

## حضرت یونس مچھلی کے پیٹ سے کس حالت میں باہر تشریف لاتے؟

اور ہم نے اسے میدان میں ڈال دیا اور وہ بیمار تھا۔ حضرت یونس علیہ السلام جب مچھلی کے پیٹ سے باہر تشریف لاتے گویا بچہ اپنی پیدائش کے وقت جیسے ہوتا ہے نرم جسم والے تھے۔

## مشکل الفاظ کے معانی

| | |
|---|---|
| فواکہ | پھل میوے |
| ارض | زمین |
| زینۃ | سنگھار |
| کواکب | ستارے |
| شہاب ثاقب | روشن انگارے |
| آیۃ | روشن نشانیاں |
| سحر | جادو |
| تراب | مٹی |

**سورۃ ص کے شروع میں کس چیز کی قسم ذکر کی گئی۔**

سورۃ ص کے شروع میں نصیحت والے قرآن کی قسم کا ذکر کیا گیا ہے۔

**حضرت داؤد کو پہاڑوں اور پرندوں کی حکومت کے ساتھ اور کیا چیزیں عطا کی گئیں۔**

حضرت داؤد کی سلطنت کو مضبوط کیا۔ اور اسے حکمت اور حق و باطل میں فرق کر دینے والا علم عطا فرمایا۔

**حضرت سلیمان نے رب کریم کی بارگاہ میں کیا دعا کی تھی؟**

اے میرے رب مجھے بخش دے اور مجھے ایسی سلطنت عطا فرما جو میرے بعد کسی کو لائق نہ ہو۔

**کون کونسی چیزیں حضرت سلیمان کے قابو میں دی گئیں۔**

ہوا، جن، پرندے

## سجدۂ تلاوت کا طریقہ

کھڑی ہو کر اللہ اکبر کہتی ہوئی سجدے میں جائے اور کم از کم 3 بار سبحن ربی الاعلی کہے پھر

DAY: ________ DATE: ________

اللہ اکبر کہتی ہوئی کھڑی ہو جاتے۔ شروع
اور بعد میں دونوں بار اللہ اکبر کہنا سنت
ہے اور کھڑے ہو کر سجدے میں جانا اور سجدے
کے بعد کھڑا ہونا مستحب ہے۔

(سورۃ ص ۱-۱۱)

## حضرت ایوب کے لیے پانی کا چشمہ کیسے جاری ہوا؟

ہم نے فرمایا زمین پر اپنا پاؤں مارو یہ نہانے
اور پینے کے لیے پانی کا ٹھنڈا چشمہ ہے۔

## آیت 45 تا 48 میں کتنے نبیوں کا ذکر آیا ہے؟ ان کے نام لکھیے۔

آیت 45 تا 48 میں 6 انبیاء کا ذکر آیا ہے۔

ابراہیم اسماعیل اسحاق
یعقوب الیسع ذوالکفل

## ابلیس نے کس وجہ سے حضرت آدم کو سجدہ نہیں کیا تھا؟

ابلیس نے تکبر یعنی غرور کی بنا پر آدم کو
سجدہ نہیں کیا تھا۔

## ابلیس نے کس بات پر قسم کھائی تھی؟

ابلیس نے کہا: تیری عزت کی قسم
میں ضرور ان سب کو گمراہ کروں گا۔

DAY: DATE:

## جنتیوں کو دیے جانے والے رزق کی کیا خوبی ہے؟

جنتیوں کو دیے جانے والے رزق کی خوبی یہ ہے کہ یہ کبھی ختم نہ ہو گا۔

## شیطان انسان کو گمراہ کرتا ہے ہم اس سے کیسے بچ سکتے ہیں؟ 3 طریقے لکھیے۔

شیطان انسان کو گناہ اور کفر و گمراہی پر مجبور نہیں کر سکتا بلکہ صرف اسکے دل میں وسوسہ ڈال کر اسے بہکانے کی کوشش کرتا ہے۔ اس وجہ سے ایک میں وضاحت ہے کہ قیامت کے دن ابلیس کہے گا:

* اور مجھے تم پر کوئی زبردستی نہیں تھی مگر یہی کہ میں نے تم کو بلایا تو تم نے میری مان لی۔
* ہمیں ہر وقت اللہ سے شیطان کے وسوسوں سے پناہ کی دعا کرنی چاہیے۔
* جب بھی شیطان وسوسہ ڈالے تو فوراً تعوذ پڑھ لینا چاہیے۔
* جب بھی کوئی برا وسوسہ آئے تو 3 مرتبہ "لا حول ولا قوۃ الا باللہ" بائیں کندھے کی طرف منہ کر کے پڑھنا چاہیے اور جب پڑھ لیں تو بائیں طرف منہ کر کے تھو تھو کریں۔

تھوکنا نہیں صرف تھو تھو کرنا ہے

DAY:________ DATE:________

(سورۃ الزمر ۱)

جو تکلیف میں تو اللہ پاک کو پکارے لیکن راحت میں شریک ٹھہرائے اسکے لیے کیا کہا گیا ہے؟

جو تکلیف میں تو اللہ پاک کو پکارے لیکن راحت میں شریک ٹھہراتے اسکے لیے فرمایا گیا ہے کہ: تم تھوڑے دن اپنے کفر کے ساتھ فائدہ اٹھالو بے شک تو دوزخیوں میں سے ہے۔

قیامت کے دن کن لوگوں کو بے حساب اجر دیا جائے گا؟

صبر کرنے والوں ہی کو ان کا ثواب بے حساب بھرپور دیا جائے گا۔

رب سے ڈرنے اور اسکی اطاعت و فرمانبرداری کرنے والوں کے لیے آخرت میں کس انعام کا وعدہ کیا گیا ہے؟

رب سے ڈرنے والوں کے لیے بلند محلات ہیں لیکن جن کے اوپر بلند محلات ہیں اور ان کے نیچے نہریں بہتی ہیں یہ اللہ کا وعدہ ہے۔

سب سے بڑا ظالم کون ہے؟ سبق کی آیات کی روشنی میں بتائیے۔

DAY: ________ DATE: ________

سب سے بڑا ظالم وہ جو اللہ کے ساتھ جھوٹ باندھے اور حق کو جھٹلاتے۔

| بے علم | | علم والا | |
|---|---|---|---|
| ✗ | اللہ کی فرمانبرداری کرنے والا | اللہ پاک کی نافرمانی کرنے والا | ✗ |
| ✓ | رب کی رحمت سے ناامید | رب کی رحمت سے امید رکھنے والا | ✓ |
| ✗ | شکر گزار | ناشکری کرنے والا | ✗ |

(سورۃ الزمر ۱۲)

**وہ کون لوگ ہیں جو اللہ کے ذکر سے گھٹن محسوس کرتے ہیں۔**

جب اللہ کا ذکر کیا جاتا ہے تو آخرت پر ایمان نہ لانے والوں کے دل متنفر ہو جاتے ہیں۔

**سبق میں شامل آیات میں نبی کریم کو کونسی دعا کی تعلیم دی گئی ہے۔**

بلکہ اللہ ہی کی بندگی کر اور شکر گزاری شکر گزاروں میں سے ہو جا۔

**کس چیز سے مایوس ہونے سے منع کیا گیا ہے؟**

اللہ عزوجل کی رحمت سے مایوس ہونے سے منع کیا گیا ہے۔

**اللہ پاک پر جھوٹ باندھنے والوں کا قیامت کے دن کیا انجام ہوگا؟**

قیامت کے دن تم اللہ پر جھوٹ باندھنے والوں کو دیکھو گے کہ ان کے منہ کالے ہوں گے

DAY:______ DATE:______

## جنتی جنت میں اللہ کی حمد کس طرح کریں گے۔

سب خوبیاں اس اللہ کے لیے ہیں جس نے اپنا وعدہ ہم سے سچا کیا اور ہمیں اس زمین کا وارث کیا ہم جنت میں جہاں چاہیں گے رہیں گے تو کیا ہی اچھا اجر ہے عمل کرنے والوں کا۔

## سورت کے آخر میں بیان کیے گئے قیامت کے احوال تحریر کیجیے۔

اور قیامت کے دن صور میں پھونک ماری جائے گی تو جتنے آسمانوں میں ہیں اور جتنے زمین میں ہیں سب بیہوش ہو جائیں گے مگر جسے اللہ چاہے پھر اس میں دوسری بار پھونک ماری جائے گی تو اسی وقت وہ دیکھتے ہوئے کھڑے ہو جائیں گے اور زمین اپنے رب کے نور سے جگمگا اٹھے گی اور کتاب رکھی جائے گی اور انبیاء گواہی دینے والے لائے جائیں گے اور لوگوں کے درمیان سچا فیصلہ فرما دیا جائے گا اور ان پر ظلم نہ ہوگا اور ہر جان کو اسکے اعمال کا بھرپور بدلہ دیا جائے گا۔ اور اللہ خوب جانتا ہے جو وہ کرتے ہیں۔ اور کافروں کو گروہ

DAY:________ DATE:________

در گروہ جہنم کی طرف ہانکا جائے گا۔ اور اپنے
رب سے ڈرنے والوں کے لیے گروہ در گروہ
جنت کی طرف چلایا جائے گا یہاں تک
کہ جب وہ پہنچیں گے اور اسکے دروازے
کھلے ہوں گے اور اسکے داروغے ان سے کہیں گے :
تم پر سلام ہو، تم پاکیزہ رہے تو ہمیشہ رہنے کو
جنت میں جاؤ اور کہا جائے گا تمام تعریفیں اللہ
کیلئے ہیں جو تمام جہانوں کا پالنے والا ہے۔

(سورۃ المومن)

## آیت 3 میں اللہ پاک کی جن صفات کا بیان ہوا ہے ان سے 4 بیان کیجیے۔

- ★ گناہ بخشنے والا
- ★ توبہ قبول کرنے والا
- ★ سخت عذاب دینے والا
- ★ بڑے انعام والا

## آیت 7 کی روشنی میں بتائیے توبہ کرنے والے مسلمانوں کے لیے فرشتے کیا دعا کرتے ہیں۔

اے ہمارے رب! تیری رحمت اور علم ہر
شئے پر وسیع ہے تو انہیں بخش دے جو توبہ کریں
اور تیرے راستے کی پیروی کریں انہیں دوزخ
کے عذاب سے بچالے۔

## سورہ مومن میں کن 3 کافروں کا ذکر آیا ہے۔

* فرعون
* حامان
* قارون

## کیا عذاب دیکھ کر کافروں کا ایمان لانا انہیں فائدہ پہنچائے گا؟ آیت 84 و 85 کی روشنی میں بتائیے۔

تو بولے، ہم ایک اللہ پر ایمان لائے اور جن چیزوں کو ہم اللہ کا شریک بناتے تھے ان سے منکر ہوئے تو ان کے ایمان نے انہیں کام نہ دیا جب انہوں نے ہمارا عذاب دیکھ لیا۔ اللہ کا دستور جو اسکے بندوں میں گزر چکا اور وہاں کافر گھاٹے میں رہے۔

## ڈسپلن کے 5 فوائد 5 نقصانات

زندگی میں ڈسپلن کی اہمیت سے انکار ناممکن ہے۔ بغیر ڈسپلن کے ایک اچھے معاشرے کا تصور محال ہے۔ دنیا میں قدرت کی نشانیاں ہر طرف بکھری ہوتی ہیں ان میں پایا جانے والا ڈسپلن دیکھ کر عقل عش عش کرنے لگتی ہے۔ سورج مشرق سے نکلتا مغرب میں غروب ہوتا ہے یہ سب نظم و ضبط کی صورت ہے۔

DAY: DATE:

ڈسپلن انسان کو احسن طریقے سے زندگی گزارنے کی دعوت دیتا ہے۔ ڈسپلن پر کاربند ہونے کی وجہ سے آدمی میں کارآمد اور مفید عادتیں پیدا ہوتی ہیں۔ ڈسپلن کی وجہ سے ہر مشکل کام آسان ہوتا ہے۔ اسکی وجہ سے اچھا معاشرہ وجود میں آتا اور معاشرہ انتشار سے بچ کر فائدہ حاصل کرسکتا ہے۔ جسکی زندگی میں نظم و ضبط نہ ہو معاشرے میں اپنے عزت کی نگاہ سے نہیں دیکھا جاتا۔ ڈسپلن نہ ہونے کی صورت میں افراتفری کے نتائج برآمد ہوتے ہیں۔ جس قوم میں نظم و ضبط نہ ہو وہ زوال کا شکار ہو جاتی ہے ایسی قوم صفحہ ہستی سے نیست و نابود ہو جاتی ہے۔ اور افراد بلند مقام اور کامیابی حاصل نہیں کرسکتا۔

سورہ حم السجدہ

## قوم عاد پر کس وجہ سے دنیا میں عذاب نازل ہوا اور کیوں ہوا؟

قوم عاد نے زمین پر ناحق تکبر کیا اور اللہ عزوجل کی آیتوں کو جھٹلایا۔ اور ان پر عذاب تیز آندھی کی صورت میں بھیجا گیا۔

## آیت 17 میں قوم ثمود کے نافرمانوں پر عذاب نازل ہونے کے بارے میں کیا فرمایا گیا ہے؟

اور جو ثمود تھے تو ہم نے انکی رہنمائی کی تو انہوں نے ہدایت کی بجائے اندھے پن کو پسند کیا تو ان کے اعمال کے سبب انہیں ذلت کے عذاب کی کڑک نے آلیا۔

DAY:________ DATE:________

## کیا قیامت کے دن کافروں کے اعضاء بھی گواہی دیں گے۔

یہاں تک کہ جب وہ سب آگ کے پاس آجائیں گے تو انکے کان اور انکی آنکھیں اور انکی کھالیں سب ان کے خلاف انکے اعمال کی گواہی دیں گے۔

## آیت 34 سے کیا سبق ملتا ہے؟

اور اچھائی اور برائی برابر نہیں ہو سکتی۔ برائی کو بھلائی کے ساتھ دور کر دو تو تمہارے اور اس شخص کے درمیان دشمنی ہوگی تو وہ اس وقت ایسا ہوگا جیسے گہرا دوست تھا۔

## اللہ پاک کے ساتھ اچھا گمان کرنا چاہیے مختصر نوٹ تحریر کیجیے۔

اچھے گمان کی مثال یہ ہے کہ شمسی توبہ کے بعد یہ گمان کرنا کہ اللہ تعالیٰ اسے قبول فرمائے گا اور اسکے گناہ معاف فرما دے گا۔

رزق کے اسباب اختیار کرنے کے بعد یہ گمان کرنا کہ اللہ تعالیٰ اسے رزق عطا فرمائے گا۔

دعا کرنے کے بعد اسکی قبولیت کی امید رکھنا

لہٰذا ہر مسلمان کو چاہیے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے بارے میں برا گمان رکھنے سے بچے۔

DAY: DATE:

* بے شک اللہ کے ساتھ اچھا گمان رکھنا ایک اچھی عبادت ہے۔
* اللہ کی رحمت سے مایوس نہیں ہونا چاہیے (سورۃ الشوریٰ-1)

**کیا فرشتے انسانوں کے لیے استغفار کرتے ہیں؟**

فرشتے اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح بیان کرتے اور زمین والوں کے لیے رب سے مغفرت طلب کرتے ہیں۔

**آیت 26 کی روشنی میں بتائیے اللہ پاک کن لوگوں کی دعا قبول فرماتا ہے؟**

اللہ عزوجل اچھے اعمال کرنے والوں کی دعا قبول فرماتا ہے۔ انہیں اپنے فضل سے عطا کرتا ہے۔

**اللہ عزوجل بندوں میں سے بعض بندوں کو زیادہ اور کسی کو کم رزق عطا فرماتا ہے اس میں کیا حکمت ہے**

اچھے اعمال کرنے والوں کو اللہ اپنے فضل سے زیادہ عطا فرماتا ہے اور اگر اللہ سب بندوں کے لیے رزق وسیع کر دیتا تو وہ ضرور فساد پھیلاتے بس یہی حکمت ہے۔

**اپنے ارد گرد کا جائزہ لے کر اللہ پاک کے لطف و کرم سے متعلق چند باتیں جمع کیجیے۔**

اللہ کریم نے ہمیں اپنی ماں کے پیٹ میں رکھا اور ہمیں وہاں
پر رزق پہنچایا اللہ کریم نے اپنے لطف وکرم سے ہمیں خوراک
مہیا کی اس نے اپنے لطف وکرم سے ہمیں عزت عطا فرمائی۔ اس
نے ہمیں اپنے لطف وکرم سے ہمیں عقل دے کر ایمان کی طرف
ہماری رہنمائی فرمائی۔ اس نے ہمیں اپنے لطف وکرم سے وہ نعمتیں
عطا فرمائی جن کا ہم کبھی شمار ہی نہیں کر سکتے۔ ہم نے مصیبتوں
میں اس سے مدد مانگی تو اس نے اپنے لطف وکرم سے ہماری مدد
فرمائی اور ہمیں ان مصیبتوں سے نجات عطا فرمائی۔ وہ اتنا رحیم و
کریم ہے اگر ہم گناہ کرتے جائیں تو پھر بھی وہ ہمیں رزق عطا فرماتا
ہے یہ بھی اسکا بہت بڑا لطف وکرم ہے۔ (سورۃ الشوریٰ - 11)

**مومن کو دنیا میں جو مصیبتیں پہنچتی ہیں آیت 30 میں ان کا سبب کیا بیان کیا گیا ہے۔**

اور تمہیں جو مصیبتیں پہنچتی وہ تمہارے ہاتھوں کے
کمائے ہوئے اعمال کی وجہ سے ہے اور وہ بہت کچھ
تو وہ معاف فرما دیتا ہے۔

**آیت 36 تا 39 میں اُخروی ثواب کے حقدار لوگوں کی کیا صفات ہیں؟ لکھیے۔**

اُخروی ثواب کے حقدار لوگ بڑے بڑے
گناہوں، بے حیائی کے کاموں سے اجتناب،
غصہ آئے تو معاف کر دیتے ہیں، اپنے رب

DAY: ____________ DATE: ____________

کا حکم ماننے اور نماز قائم کرتے اللہ عزوجل کے دیے ہوئے رزق سے کچھ خرچ کرتے۔

## آیت نمبر 48 میں کافروں کی کیا صفت بیان کی گئی ہے؟

اور اگر انہیں ان کے ہاتھوں کے آگے بھیجے ہوئے اعمال کی وجہ سے کوئی برائی پہنچے تو انسان بڑا ناشکرا ہے

## بیٹا یا بیٹی پیدا کرنے کا اختیار کسے حاصل ہے آیت 49 اور 50 کی روشنی میں بیان کیجیے۔

آسمان اور زمین کی سلطنت اللہ ہی کے لیے ہے وہ جو چاہے پیدا کرے جسے چاہے بیٹیاں دے جسے چاہے بیٹے عطا کرے یا انہیں بیٹے یا بیٹیاں دونوں ملا کر دے اور جسے چاہے بانجھ کر دے بے شک وہ علم والا قدرت والا ہے۔

## اس سورت میں نیک مسلمان کی 5 خوبیاں اور ہمارا کردار جمع کریں۔

اے لوگو! تمہیں جو دنیوی مال و اسباب دیا گیا ہے وہ آخرت کا زادِ راہ نہیں بلکہ چند روز کی دنیوی زندگی کا ساز و سامان ہے جبکہ جو اجر و ثواب اللہ تعالیٰ کے پاس ہے وہ ایمان والوں اور اپنے رب پر بھروسہ کرنے والوں کے لیے بہتر اور زیادہ باقی رہنے والا ہے۔

اجروثواب انکے لیے بھی ہے جو کبیرہ گناہوں اور بے حیائی کے کاموں سے اجتناب کرتے ہیں۔ کبیرہ گناہوں اور بے حیائی کے کاموں سے بچنے والوں کے لیے قیامت کے دن اجروثواب کی بشارت ہے۔

سورۃ الزخرف

**آیت نمبر ۱۱ کی روشنی میں بتائیے مرنے کے بعد دوبارہ زندہ کیے جانے کو کس مثال سے سمجھایا گیا ہے۔**

اور وہ جس نے ایک اندازے سے آسمان سے پانی اتارا تو اس سے ایک مردہ شہر کو زندہ فرمادیا۔ یونہی تم نکالے جاؤ گے۔

**کفار فرشتوں کو اللہ کی بیٹیاں کہتے لیکن جب ان کے ہاں بیٹی ہوتی تو ان کا کیا حال ہوتا آیت ۱۷ کی روشنی میں بتائیے۔**

جب ان میں کسی کو اس چیز کی خوشخبری سنائی جس کے ساتھ اس نے رحمٰن کو متصف کیا ہے تو دن بھر اسکا منہ کالا رہتا ہے اور وہ غم و غصے میں بھرا رہتا ہے۔

**کفار قریش اور گزشتہ کفار میں کونسی مماثلت پائی جاتی تھی۔**

کفار قریش اور گزشتہ کفار میں یہ مماثلت پائی جاتی ہے کہ جب ان کے سامنے کوئی دین لاتا تو کہتے ہم نے اپنے آباؤ اجداد کو ایک ہی دین پر پایا ہے اور ہم اسکی پیروی کرنے والے ہیں۔

DAY: DATE:

## کافروں کے برے رویے پر اللہ نے پیارے نبی کو آیت 6 تا 8 میں کس طرح کی تسلی دی مختصر نوٹ لکھیے۔

اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب کو تسلی دیتے ہوئے ارشاد فرمایا ہم نے پہلے لوگوں میں کتنے ہی نبی بھیجے لیکن ان کا حال یہ تھا کہ ان کے پاس جو بھی نبی تشریف لایا وہ اسکا مذاق ہی اڑاتے تھے جیسا کہ آپکی قوم کے لوگ کرتے ہیں انہیں ڈرنا چاہیے کہ کہیں ان کا وہی انجام نہ ہو جو سابقہ کافروں کا ہوا اے حبیب کفار کی طرف سے انبیاء کرام کا مذاق اڑانے کا عمل کوئی آج کا نہیں بلکہ شروع سے ہی ایسا چلتا آ رہا ہے لہذا آپ اپنی قوم کی طرف سے پہنچنے والی اذیتوں پر صبر فرمائیں جس طرح آپ سے پہلے نبیوں نے صبر کیا۔

سورۃ الزخرف

## اللہ پاک کے کن بندوں کو قیامت کے دن خوف اور غم نہیں ہوگا؟ آیت 68 اور 69 کی روشنی میں بتائیے۔

اے میرے بندو! آج تم پر نہ کوئی خوف ہے اور نہ تم غمگین ہو گے جو ہماری آیتوں پر ایمان لائے اور وہ فرمانبردار تھے۔

## انسان کا کھلا دشمن کون ہے؟

شیطان انسان کا کھلا دشمن ہے۔

## آیت 71 میں جنتیوں کے لیے جنت

DAY: DATE:

کی جن نعمتوں کا تذکرہ ہے وہ بیان کیجیے۔

ان پر سونے کی تھالیوں اور جاموں کے دور ہونگے اور جنت میں وہ تمام چیزیں ہونگی جن کی انکے دل خواہش کریں گے۔

آیت نمبر 84 اور 85 میں اللہ کی صفات اور شان کے بارے میں کیا بیان ہے؟

اور وہی آسمان والوں کا معبود ہے اور زمین والوں کا معبود ہے اور وہی حکمت والا علم والا ہے۔ اور وہ اللہ بڑی برکت والا ہے جس کے لیے آسمانوں اور زمین کی اور جو کچھ ان کے درمیان ہے سب کی بادشاہی ہے۔

اللہ پاک کی بارگاہ میں شفاعت کرنے کا کس کو اختیار ہے؟ آیت نمبر 86 کی روشنی میں بتائیے۔

ہاں شفاعت کا اختیار انہیں ہے جو حق کی گواہی دیں اور علم رکھیں۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا دوبارہ اسلام تشریف لانا قیامت کی نشانی ہے آپ مزید کوئی نشانی بتائیے

DAY: ____________ DATE: ____________

جب قربِ قیامت قریب ہوگی تو اس وقت قرآن پاک اٹھا لیا جائے گا جیسا کہ روایت کا مفہوم ہے :-

نبی کریم نے ارشاد فرمایا ، قیامت اس وقت تک قائم نہ ہوگی جب تک حجرِ اسود اور قرآن پاک کو نہ اٹھا لیا جائے۔

اسی طرح اور بھی علامات ہیں جیسے وقت میں برکت نہ ہونا ، عورتوں کی تعداد مردوں سے زیادہ ہونا ، لونڈی کا اپنے آقا کو جنم دینا ، زکوٰۃ کو تاوان سمجھنا۔

(سورۃ الدخان)

**کیا قیامت میں کافروں کی دوستی کام آئے گی نیز ان کی مدد کی جائے گی؟**

فیصلے کا دن یعنی روزِ قیامت مقرر ہے جس دن کوئی دوست کسی دوست کے کام نہ آئے گا اور نہ انکی مدد کی جائے گی۔

**ابوجہل کافر اور اسکے ساتھیوں کی جہنم میں کیا خوراک ہوگی۔**

زقوم نامی درخت جہنمیوں کی خوراک ہوگا

**ابوجہل اور اسکے ساتھیوں کو کیا عذاب دیا جائے گا؟**

DAY:_______ DATE:_______

زقوم نامی درخت انکی خوراک ہوگا۔ گلے ہوتے تانبے
کی طرح جوش مارتا ہوگا جیسا کھولتا ہوا پانی جوش
مارتا ہے۔ اسے پکڑو پھر کافروں (سختی سے اسے
بھڑکتی ہوتی آگ کے درمیان کی طرف گھسیٹے
لے جاؤ پھر اس کے سر کے اوپر کھولتے پانی کا عذاب
ڈالو۔ چکھ تو تو بڑا عزت والا کرم والا ہے۔

## اللہ پاک سے ڈرنے والے متقیوں کے لیے کیا کیا انعامات بیان کیے گئے ہیں آیت 51 تا 57 میں لکھیے۔

ارشاد باری تعالیٰ کا مفہوم ہے :-

بے شک ڈرنے والے امن
والی جگہ میں ہونگے باغوں اور چشموں میں۔ باریک
اور موٹے ریشم کے لباس پہنیں گے۔ ایک
دوسرے کے آمنے سامنے ہونگے۔ وہ جنت میں
بے خوف ہوکر ہر قسم کا پھل میوہ مانگیں
گے۔ اس میں پہلی موت کے سوا پھر موت
کا ذائقہ نہ چکھیں گے۔ اور اللہ نے انہیں
آگ کے عذاب سے بچا لیا۔ تمہارے
رب کے فضل سے یہی بڑی کامیابی
ہے۔

(سورۃ الجاثیہ)

سورۃ جاثیہ کی روشنی میں 3 ایسی چیزیں بتائیے جن میں عقل والوں کے لیے قدرت کی نشانیاں ہیں؟

آسمانوں، زمینوں، انسانوں اور جانوروں کی تخلیق، رات اور دن کے آنے، بارش نازل کر کے بنجر زمین کو سرسبز و شاداب کرنا۔

آیت 28 کی روشنی میں بتائیے کہ قیامت کے دن خوف کی وجہ سے لوگوں کی کیا حالت ہو گی؟

اور تم ہر گروہ کو زانوں کے بل گرے ہوئے دیکھو گے ہر گروہ اپنے نامۂ اعمال کی طرف بلایا جائے گا۔ اور کہا جائے گا آج تمہیں تمہارے اعمال کا بدلہ دیا جائے گا۔

فوز مبین یعنی کھلی اور روشن کامیابی کیا ہے؟

وہ جو ایمان لائے اور انہوں نے اچھے کام کیے ان کا رب انہیں اپنی رحمت میں داخل فرمائے گا یہی کھلی کامیابی ہے۔

DAY: ______ DATE: ______

## بروز قیامت کفار کو کونسی باتیں یاد دلائیں جائیں گی۔

قیامت کے دن کفار کو ان کا تکبر کرنا اور قیامت کے دن کو نہ ماننے اور گمان کرنے کے بارے میں یاد دلایا جائے گا۔

**کرنے کے کام:**

| | |
|---|---|
| دابۃ | جانور |
| ریاح | ہوائیں |
| طیبات | پاکیزہ چیزیں |
| الناس | لوگ |
| الیل والنہار | دن اور رات |
| بحر | دریا |
| ولی | دوست |
| نفس | جان |

(سورۃ الاحقاف)

## ایمان پر ثابت قدم رہنے والوں کی کیا جزاء بیان ہوئی ہے؟

ایمان پر ثابت قدم رہنے والوں کو نہ خوف ہوگا اور نہ وہ غمگین ہوں گے وہ جنت والے ہیں اور ہمیشہ اس میں رہیں گے۔

DAY:________ DATE:________

## کیا کافروں کو آخرت میں ان کے اچھے اعمال کا بدلہ دیا جائے گا؟

کافروں کو دنیا میں ان کے اچھے اعمال کا بدلہ دیا جائے گا اور آخرت میں صرف دردناک عذاب ہے۔

## جب قوم عاد نے سرکشی کی تو ان پر کیا عذاب نازل ہوا؟

جب قوم عاد نے سرکشی کی تو آندھی کی صورت میں انہیں دردناک عذاب نازل ہوا۔

## جنات کی قوم / جماعت ایمان لانے کے بعد اپنی قوم میں جاکر انہیں کیا نصیحتیں کیں۔

جنات کی جماعت ایمان لانے کے بعد اپنی قوم میں جاکر یہ نصیحتیں کی کہ قرآن پہلی کتابوں کی تصدیق فرماتا ہے اور سیدھے راستے کی طرف رہنمائی کرتا ہے اور کہا اے قوم! اللہ کی بات مانو اور اس پر ایمان لاؤ وہ تمہارے گناہوں کو بخش دے گا۔

## لفظ اولو العزم سے کیا مراد ہے؟

لفظ اولو العزم سے مراد عزم و ہمت والوں کی طرح صبر کرنا ہے۔

DAY: ________ DATE: ________

## والدین سے حسن سلوک کے اچھے طریقے تحریر کیجیے۔

- ہمیں اپنے والدین کے سامنے اُف تک نہیں کرنا چاہیے ان کی اطاعت کرنی چاہیے۔
- جس کام کا وہ حکم دیں اسے فوراً بجا لانا چاہیے۔
- اگر وہ حیات نہیں تو انکے لیے مغفرت کی دعا کرنی چاہیے۔
- ان کے ساتھ بھلائی سے پیش آنا چاہیے نیک اولاد کے نیک اعمال سے ماں باپ کو بھی فائدہ پہنچتا ہے
- اسکے علاوہ ان کے رشتے داروں سے اچھا سلوک اور تعاون کرکے بھی ان سے بھلائی کی جاسکتی ہے۔
- نیز ان کے نام کے صدقات وغیرہ بھی دیتے رہنا چاہیے۔

(سورۃ محمد)

## اہل جنت کو جنت کی پہچان کس طرح کروائی جائے گی۔

اہل جنت کو جنت کی پہچان اللہ عزوجل سے کروائی جائے گی۔

## صلہ رحمی کسے کہتے ہیں۔

دوستوں، رشتہ دار، والدین وغیرہ سے اچھے

DATE:

DAY:

سلوک کرنا اور ادب کرنا صلہ رحمی ہے۔

**آیت 12 میں کافروں کی کس حالت کا بیان کیا گیا ہے؟**

کافر فائدہ اٹھا رہے ہیں اور ایسے کھاتے ہیں جیسے جانور کھاتے ہیں اور آگ ان کا ٹھکانہ ہے۔

**آیت 33 میں کن باتوں کا حکم دیا گیا ہے؟**

اے ایمان والوں اللہ عزوجل کا حکم مانو اور رسول کا حکم مانو اور اپنے اعمال باطل نہ کرو۔

**آیت 36 کی روشنی میں بتایئے دنیا کی زندگی کو کس سے تشبیہ دی گئی؟**

دنیا کی زندگی کو کھیل اور تماشا سے تشبیہ دی گئی ہے۔

**مومن اور کافر کے کھانے کا فرق لکھیے نیز کھانے کے آداب لکھیے۔**

مسلمان کھانے سے پہلے حلال و حرام کی تمیز کرتا ہے جبکہ کافر جانوروں کی طرح حلال و حرام کی تمیز کیے بغیر کھاتا ہے۔

کافر کھانے کا حریص ہوتا ہے جبکہ مومن عبادت کا حریص ہوتا ہے۔

مومن دائیں ہاتھ سے کھاتا ہے جبکہ کافر کبھی دائیں سے اور کبھی بائیں سے کھاتا ہے۔

DATE:

کھانا بیٹھ کر کھانا چاہیے

کھانا دائیں ہاتھ سے کھانا چاہیے

بسم اللہ پڑھ کر کھانا چاہیے

سنت کے مطابق کھانا چاہیے

کھانا کھاتے وقت ہر لقمے پر "یا واجد" پڑھنا

چاہیے۔

(سورۃ الفتح)

**سورۃ فتح میں رسول اللہ کے کونسے اوصاف بیان ہوئے ہیں۔**

اللہ عزوجل نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو حاضر و ناظر، خوشخبری دینے والا اور ڈر سنانے والا بنا کر بھیجا ہے تاکہ لوگ اللہ عزوجل اور رسولوں پر ایمان لائیں۔

**حدیبیہ کے مقام پر بیعت کرنے والے صحابہ کرام کو کس چیز کی بشارت دی گئی۔**

حدیبیہ کے مقام پر بیعت کرنے والے صحابہ کرام کو رضائے الہٰی کی بشارت دی گئی اور مسلمانوں سے بہت سی غنیمتوں کا وعدہ کیا۔

**سورت میں نبی کریم کو بھیجنے کا ایک مقصد بیان کیجیے**

DATE:

DAY:

حضور کو ہدایت اور حق کے ساتھ بھیجا گیا تاکہ اللہ عزوجل اسے سب دینوں پر غالب کر دے۔

**سورۃ فتح کی آخری آیت صحابہ اکرام کے بیان کیے گئے اوصاف میں چند بیان کریں۔**

صحابہ اکرام آپس میں نرم دل کے ساتھ رکوع کرتے ہوئے سجدے کرتے ہوئے اللہ عزوجل کی فضل و رضا چاہتے ہوئے ان کے چہروں پر سجدوں کے نشان ہیں۔

**سورۃ فتح کے آخر میں صحابہ کرام سے کس چیز کا وعدہ کیا گیا؟**

صحابہ کرام سے بخشش اور بڑے ثواب کا وعدہ کیا گیا ہے۔

**سورۃ فتح کے علاوہ قرآن پاک میں ان شاء اللہ کہاں آیا ہے؟ کوئی 3 آیات لکھیے۔**

* پارہ 12 میں سورۃ ھود میں آیت نمبر 33 میں حضرت نوح کے ان شاء اللہ کہنے کا ذکر ہے۔
* پارہ 13 میں سورۃ یوسف آیت نمبر 99 حضرت یعقوب کے ان شاء اللہ کہنے کا ذکر ہے۔
* پارہ 15 سورۃ الکھف آیت نمبر 69 میں حضرت موسیٰ کے ان شاء اللہ کہنے کا ذکر ہے۔

DAY: ______ DATE: ______

(سورۃ الحجرات)

## مسلمانوں کا آپس میں کیا تعلق بیان کیا گیا ہے؟

مسلمان بھائی بھائی ہیں تو اپنے 2 بھائیوں کے درمیان صلح کرو اور اللہ عزوجل سے ڈرو تاکہ تم پر رحمت نازل ہو۔

## آیت نمبر 11 اور 12 میں کن باتوں سے منع کیا گیا ہے۔

مرد دوسرے مردوں پر نہ ہنسیں عورتیں دوسری عورتوں پر نہ ہنسیں ہو سکتا ہے کہ وہ ان ہنسنے والوں سے بہتر ہوں کسی کو طعنہ نہ دو اور ایک دوسرے کے برے نام نہ رکھو بہت زیادہ گمان کرنے سے بچو کہ کوئی گمان گناہ ہو جاتا ہے اور ایک دوسرے کی غیبت نہ کرو۔

## لوگوں کو قوموں اور قبیلوں میں تقسیم کرنے کی کیا حکمت بیان کی گئی ہے۔

لوگوں کو قوموں اور قبیلوں میں تقسیم کرنے کی حکمت یہ ہے کہ آپس میں پہچانے جا سکے۔

## عزت اور فضیلت کا حقیقی معیار کیا ہے؟

عزت اور فضیلت کا حقیقی معیار "تقویٰ" ہے۔

DAY:____________ DATE:____________

## سورۃ الحجرات میں کن لوگوں کو ایمان والا کہا گیا ہے؟

ایمان والے تو وہی ہیں جو اللہ اور رسول پر ایمان لاتے پھر انہوں نے شک نہ کیا اور اپنی جان ومال سے اللہ کی راہ میں جہاد کیا وہی سچے ہیں۔

## مسلمان آپس میں بھائی بھائی ہیں۔ اس موضوع پر مضمون تحریر کیجیے۔

ایک مسلمان دوسرے مسلمان کے لیے عمارت کی طرح ہے جسکی ایک اینٹ دوسری اینٹ کو مضبوط کرتی ہے۔

سارے مسلمان ایک شخص کی طرح ہیں جب اسکی آنکھ میں تکلیف ہوگی تو سارے جسم میں تکلیف ہوگی اور اگر سر میں درد ہوگی تو پورے جسم میں درد ہوگی۔

آپس میں بھائی بھائی ہیں کیونکہ یہ آپس میں دینی تعلق اور دینی محبت کے ساتھ مربوط ہیں اور یہ رشتہ تمام دنیوی رشتوں سے مضبوط تر ہے۔

(سورۃ ق)

## بارش کے برکت والی پانی سے اللہ نے کیا چیزیں پیدا فرمائیں؟

بارش کے برکت والے پانی سے اللہ پاک نے باغات اور کاٹا جانے والا اناج اگایا اور کھجور کے لمبے درخت جن کے گچھے اوپر نیچے تہہ لگے ہوتے ہیں۔

**اس سورت میں بیان کی گئی وہ کونسی ہیں جن پر عذاب نازل ہوا؟**

حضرت نوح کی قوم، اصحاب رس، ثمود، عاد، فرعون، لوط، اصحاب الایکہ حضرت شعیب کی قوم اور قوم تبع نے رسولوں کو جھٹلایا اس وجہ سے ان پر عذاب نازل ہوا۔

**قیامت کے دن جہنم سے کیا سوال ہوگا اور وہ کیا جواب دے گی؟**

قیامت کے دن جہنم سے سوال ہوگا " کیا تو بھر گئی؟ " وہ جواب دے گی کیا کچھ اور ہے۔

**مرنے کے بعد جسم کے مٹی ہو جانے اور دوبارہ بنائے جانے سے متعلق معلومات لکھیں۔**

مرنے کے بعد جسم کے مٹی ہو جانے اور دوبارہ بنائے جانے کو تسلیم کرنا لازمی ہے۔

انسان کبھی خاک نہیں ہوتا بدن خاک ہوتا ہے اور وہ بھی کل نہیں کچھ اجزائے اصلیہ جنہیں "عجب الذنب" کہتے ہیں۔

DAY:________ DATE:________

یہ اجزائے اصلی نہ گلتے ہیں نہ سڑتے ہیں اور بروزِ قیامت انہی اجزاء پر جسم کی ترکیب ہوگی۔ یاد رہے انسان کبھی خاک نہیں ہوتا بلکہ اسکا بدن خاک ہوتا ہے اور وہ بھی سارا نہیں بلکہ اسکے کچھ باریک اجزاء باقی رہتے ہیں۔

(سورۃ الذریت)

**فرشتوں نے حضرت ابراہیم کو کس چیز کی بشارت دی؟**

فرشتوں نے حضرت ابراہیم کو ایک علم والے لڑکے کی بشارت دی۔

**حضرت ابراہیم نے معزز مہمانوں کے سامنے کیا پیش کیا؟**

حضرت ابراہیم نے معزز مہمانوں کے سامنے موٹا تازہ بچھڑا پیش کیا۔

**سورۃ الذریت میں پرہیزگاروں کی کونسی صفات بیان ہوئی ہیں؟**

پرہیزگار لوگ رات میں کم سویا کرتے تھے اور رات کے آخری پہر بخشش مانگتے تھے۔

**ذاتی جیب خرچ یا آمدنی میں سے کچھ حصہ غریبوں کے لیے مقرر کیجیے۔**

DAY: DATE:

(سورة الطور)

## طور سے کونسا پہاڑ مراد ہے؟

وہ پہاڑ جہاں حضرت موسیٰ اللہ عزوجل سے ہم کلام ہوتے تھے اس پہاڑ کو طور کہتے ہیں۔

## بیت المعمور کہاں ہے؟

عرش کے سامنے ساتویں آسمان پر کعبہ معظمہ کے عین اوپر بیت المعمور واقع ہے۔

## کیا کفار کے لیے جہنم کے عذاب سے چھٹکارے کی کوئی صورت ہوگی۔

جی نہیں انکے لیے جہنم کے عذاب سے چھٹکارے کی کوئی صورت نہیں رہیں جن عذابات کی وعید سنائی گئی ہے وہ ضرور واقع ہوگی۔

DAY:________ DATE:________

## قرآن کریم کو نبی کریم کا ذاتی کلام کہنے والے کفار کو کیا چیلنج کیا گیا؟

قرآن کریم کو نبی کریم کا ذاتی کلام کہنے والے کفار کو چیلنج کیا گیا ہے کہ اگر تم سچے ہو تو اس جیسی کوئی بات تو لے آئیں۔

## بیت المعمور سے کیا مراد ہے اس پر مختصر نوٹ تحریر کیجیے۔

بیت المعمور عرش کے سامنے ساتویں آسمان پر بیت اللہ کے عین اوپر واقع ہے۔ آسمانوں پر اسکی حرمت ایسے ہے جیسے زمین پر کعبہ معظمہ کی۔ بیت المعمور آسمان والوں کا قبلہ ہے۔ ہر روز فرشتے اسکے طواف کے لیے آتے اور نماز کے لیے حاضر ہوتے ہیں۔ پھر بھی انہیں یہاں واپس آنے کا موقع نہیں ملتا۔ بلکہ ہر روز نئے ستر ہزار فرشتے حاضر ہوتے ہیں۔

(سورۃ النجم)

## اللہ پاک کی قدرت اور اسکی نشانیاں 3 بیان کیجیے۔

اللہ عزوجل پیدا کرتا ہے موت دیتا ہے، دن رات کا آجانا اور پھلوں کا اُگنا اسکی قدرت کی نشانیاں ہیں۔

DAY: ______ DATE: ______

## سورۃ نجم ابتداء میں نبی کریم کی عظمت کا کونسا واقعہ بیان ہوا ہے؟

اپنے بندے کو وحی فرمائی جو اس نے وحی فرمائی یعنی یہاں واقعہ معراج بیان ہوا ہے۔

## سورۃ میں کس قوم کو دوسری قوم سے زیادہ ظالم اور سرکش کہا گیا؟

حضرت نوح کی قوم کو دوسری قوم سے زیادہ ظالم اور سرکش کہا گیا ہے۔

## واقعہ معراج

حضور کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے معراج کی رات اللہ پاک کا دیدار کیا۔

معراج کی رات حضور کریم کو اپنی امت کیلئے 50 نمازوں کا تحفہ ملا تو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہا آپکی امت پچاس نمازیں ادا کرنے کی طاقت نہیں رکھتی آپ اللہ عزوجل کے پاس گئے پھر واپس موسیٰ علیہ السلام کے پاس آتے پھر اللہ عزوجل کے حضور گئے اسی طرح 50 نمازوں سے 5 نمازیں باقی رہ گئیں۔ اور پھر حکم ہوا 5 نمازوں کا ثواب 50 کے برابر ہے۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے شب معراج کی رات بہت بڑی اور عظیم نشانیاں دیکھیں اور ملک او

DAY: DATE:

مرادوت کے عجائبات کو ملاحظہ فرمایا۔ آپ کا علم تمام غیبی ملکوت پر ظاہر ہو گیا۔

## (سورۃ القمر)

### قمر کا معنی کیا ہے اور اس سورت کو سورۃ قمر کیوں کہتے ہیں؟

عربی میں قمر چاند کو کہتے ہیں سورۃ قمر میں پہلی آیت میں چاند کے پھٹ جانے کا بیان ہے اسی مناسبت سے اسکا نام سورۃ قمر ہے۔

### قرآن کریم نے گزشتہ قوموں کی ہلاکت کے واقعات کیوں بیان کیے گئے ہیں؟

قرآن کریم نے گزشتہ قوموں کی ہلاکت کے واقعات اس لیے بیان کیے ہیں کہ اگلی قومیں ان سے نصیحت حاصل کریں۔

### اللہ پاک کا حکم کتنی جلدی واقع ہوتا ہے اسکی کیا مثال بیان کی گئی ہے؟

اللہ پاک کا حکم پلک جھپکنے سے جلدی واقع ہوتا ہے۔

### چاند کے دو ٹکڑے ہونے کا معجزہ:

حضرت انس بن مالک سے روایت ہے کہ اہل مکہ نے حضور اکرم سے معجزہ دکھانے کی درخواست کی تو حضور اکرم نے چاند ٹکڑے کر

DAY:________ DATE:________

دکھایا۔ حضرت عبداللہ بن مسعود فرماتے ہیں

کہ حضور کریم کے زمانے میں چاند 2 ٹکڑے ہوکر پھٹا

ایک ٹکڑا پہاڑ کے اوپر اور ایک اسکے نیچے۔

تب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "گواہ رہو"

(سورۃ الرحمن)

**سورۃ رحمٰن میں فبای الاء ربکما تکذبٰن کتنی مرتبہ آتی ہے اسکا ترجمہ کیجیے۔**

سورۃ رحمٰن میں 31 مرتبہ فبای الاء ربکما تکذبٰن آیت آتی ہے اسکا مطلب ہے کہ "تم اپنے رب کی کون سی کونسی نعمتوں کو جھٹلاؤ گے۔

**سورت رحمٰن کی آیت نمبر 9 میں کس چیز کا حکم دیا گیا ہے؟**

انصاف کے ساتھ تول قائم کرو اور وزن نہ گھٹاؤ۔

**انسانوں اور جنات کو کس چیز سے پیدا کیا گیا ہے؟**

انسانوں کو ٹھیکری جیسی بجنے والی سوکھی مٹی سے اور جنات کو بغیر دھوئیں والی آگ کے خالص شعلے سے پیدا کیا۔

**قیامت کے دن مجرم کس طرح پہچانے جائیں گے۔**

قیامت کے دن مجرم اپنے چہروں سے پہچانے جائیں گے

DAY: ________ DATE: ________

جائیں گے۔

**چاند اور سورج کی اہمیت پر مختصر نوٹ تحریر کیجیے۔**

چاند اور سورج ہمارے لیے اللہ کریم کی بہت بڑی نعمتیں ہیں ان کی اہمیت کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ اگر سورج نہ ہوتا تو اندھیرا کبھی ختم نہ ہوتا اور اگر چاند نہ ہوتا تو بہت ساری ظاہری نعمتیں ختم ہو کر رہ جاتیں اور انکا سب سے بڑا فائدہ یہ ہے کہ سورج و چاند معین اندازے کے ساتھ اپنے اپنے بروج اور منازل میں حرکت کرتے ہیں کیونکہ اگر سورج حرکت کرنے کی بجائے ایک ہی جگہ کھڑا رہے تو اس سے کوئی بھی فائدہ نہیں اٹھا سکتا انکا فائدہ یہ ہے کہ اوقات کا حساب سالوں اور مہینوں کا شمار انہی کی رفتار سے ہوتا ہے۔

(سورۃ الواقعہ)

**اس سورت میں حساب کرتے وقت لوگوں کی 3 قسمیں بیان ہوتی ہیں وہ کونسی ہیں؟**

حساب کرتے وقت لوگوں کی 3 قسمیں بیان ہوتی ہیں :

★ دائیں طرف والے

DAY:

DATE:

بائیں طرف والے

سبقت لے جانے والے

## سیدھی جانب والوں سے کونسے لوگ مراد ہیں؟

سیدھی جانب والے لوگوں سے مراد جنتی لوگ ہیں۔

## سبقت کرنے والوں کی کیا جزا بیان کی گئی ہیں؟

نعمتوں کے باغ، جواہرات سے جڑے تختوں پر ہوں گے ان کے اردگرد ہمیشہ رہنے والے لڑکے پھریں گے آنکھوں کے سامنے بہنے والی شراب کے جام ہونگے اس سے نہ انہیں سر درد ہوگا اور نہ ان کے ہوش میں فرق آئے گا پھل اور میوے اور پرندوں کا گوشت ہوگا جو وہ چاہیں گے اور بڑی آنکھ والی حوریں یہ سب انکے اعمال کے بدلے کے طور پر ہوں گے۔

## سورۃ واقعہ میں الٹی جانب والوں کے لیے کیا عذاب بیان کیے گئے ہیں؟

شدید گرم ہوا اور کھولتے پانی ہوگا اور شدید سیاہ دھوئیں کے سائے میں ہونگے جو سایہ نہ ٹھنڈا ہوگا نہ آرام بخش ہوگا۔

DAY: ______ DATE: ______

## آگ کے کتنے اور کونسے فائدے بیان کیے گئے ہیں؟

ہم نے اس کو یادگار بنایا جنگل میں سفر کرنے والوں کے لیے نفع بنایا۔

## بے وضو جس پر غسل فرض ہو اسکے لیے قرآن کو چھونا یا پڑھنا کیسا؟

جس پر غسل فرض ہو اسکے لیے قرآن کریم کو چھونا حرام ہے۔

بے وضو جس، قرآن کریم کو چھونا حرام جبکہ زبانی یا اوپر سے دیکھ کر پڑھنے میں حرج نہیں۔

(سورۃ الحدید)

## آیت نمبر 3 میں اللہ عزوجل کی کونسی صفات بیان کی گئی ہیں؟

وہی اوّل اور آخر اور ظاہر اور باطن ہے اور وہ سب کچھ جانتا ہے۔

## آیت 14 میں منافقین کی کتنی اور کونسی صفات بیان ہوئی ہیں؟

جانوں کو فتنے میں ڈالا اور مسلمانوں کے نقصان کے منتظر رہے اور شک میں پڑے رہے اور جھوٹی خواہشات نے تمھیں دھوکے میں ڈالے رکھا۔

## سورۃ حدید میں دنیاوی زندگی کی کیا حقیقت بیان ہوئی ہے؟

جان لو کہ دنیا کی زندگی صرف کھیل لہو اور زینت اور ایک دوسرے پر فخر وغیرہ اور مال اور اولاد میں ایک دوسرے پر زیادتی چاہنا ہے

## لوہے کے فوائد تحریر کیجیے۔

ہم نے لوہا اتارا اس میں سخت لڑائی ہے یعنی جنگ کی تیاری کا سامان لوہے سے تیار ہوتا ہے بے شک اللہ قوت والا غالب ہے

## مغفرت طلب کرنے کے متعلق مختصر نوٹ قرآنی آیات کی روشنی میں تحریر کریں۔

اللہ تمہیں اپنی رحمت کے دو حصے عطا فرمائے گا اور وہ تمہارے لیے ایک ایسا نور کر دے گا جس کے ذریعے تم چلو گے اور وہ تمہیں بخش دے گا اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے تاکہ اہل کتاب جان لیں کہ وہ اللہ کے فضل میں سے کسی چیز پر قدرت نہیں رکھتے اور یہ کہ سارا فضل اللہ کے ہاتھ میں ہے وہ جسے چاہتا ہے دیتا ہے

DAY: ________ DATE: ________

اور اللہ بڑے فضل والا ہے۔

(سورۃ المجادلہ)

## مجادلہ کا مطلب بیان کیجیے۔

بحث و تکرار کرنے والی عورت کو عربی میں مجادلہ کہتے ہیں۔

## بندوں کے اعمال کے بارے میں سورۃ مجادلہ میں کیا فرمایا گیا ہے؟

جس دن اللہ ان سب کو اٹھائے گا پھر وہ انہیں ان کے اعمال بتائے گا۔ اللہ تعالیٰ انہیں نے ان کے اعمال کو گن رکھا ہے اور وہ لوگ انہیں بھول گئے ہیں اور اللہ ہر چیز پر گواہ ہے۔

## ظہار کے مسئلے پر گفتگو والی عورت کون تھی؟

ظہار کے مسئلے پر گفتگو کرنے والی عورت حضرت خولہ تھی۔

## جھوٹی قسموں کو اپنی ڈھال بنانے والوں کا کیا انجام ہوگا؟

جان اور مال بچانے کے لیے جھوٹی قسموں کو کھانے / اپنی ڈھال بنانے والے منافقین رسوا کر دینے والے عذاب میں ہوں گے۔

## سورۃ مجادلہ میں بیان کی گئی ایمان والوں کی شان اپنے انداز میں تحریر کیجیے۔

DAY: DATE:

اللہ کریم ایمان والوں کو ان باغوں میں داخل فرمائے گا جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے اللہ ان سے راضی ہوا اور وہ اللہ سے راضی ہوئے یہ اللہ کی جماعت ہے اور اللہ کی جماعت ہی کامیاب ہے۔

(سورۃ الحشر)

## بنو نضیر کے یہودیوں کو جلاوطن کیوں کیا گیا؟

بنو نضیر کے یہودیوں نے رسول اللہ سے کئے ہوئے معاہدے کی خلاف ورزی کی اور آپ کو شہید کرنے کی سازش کی تو اس کے نتیجے میں انہیں مدینہ منورہ سے جلاوطن کر دیا گیا۔

## کیا جنتی اور جہنمی برابر ہیں؟

دوزخ والے اور جنت والے برابر نہیں اور جنت والے ہی کامیاب ہیں۔

## آیت 12 میں قرآن مجید کی عظمت کے بارے میں فرمایا گیا ہے؟

اگر ہم یہ قرآن کسی پہاڑ پر اتارتے تو ضرور تم اسے جھکا ہوا اللہ کے خوف سے پاش پاش دیکھتے اور ہم یہ مثالیں لوگوں کے لیے بیان فرماتے تاکہ وہ سوچیں۔

DAY: DATE:

## سورۃ حشر کی آخری 3 آیات پڑھنے کی فضیلت لکھیے۔

جس نے سورۃ حشر کی آخری 3 آیات کی تلاوت کی تو اللہ پاک 70 ہزار فرشتے مقرر کر دیتا ہے جو شام تک اس کے لیے دعائے مغفرت کرتے رہتے ہیں اور اگر اسی دن انتقال کر جائے تو شہید کی موت مرے گا۔ اور جو شام کے وقت اسے پڑھے تو اس کا بھی یہی مرتبہ ہے۔

## صحابہ کرام کی شان و عظمت اپنے انداز میں تحریر کریں۔

صحابہ کرام وہ مبارک ہستیاں ہیں جن کو حضور پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صحبت اختیار کرنے کے لیے منتخب فرمایا اور ان کی شان و عظمت کو قرآن مجید میں بیان فرمایا گیا

حضرت عبداللہ بن مغفل سے روایت ہے کہ رسول کریم نے ارشاد فرمایا میرے صحابہ کے متعلق اللہ سے ڈرو اللہ سے ڈرو۔ میرے بعد انکو بغض کا نشانہ نہ بناؤ کیونکہ جس نے ان سے محبت کی تو میری محبت کی وجہ سے ان سے محبت کی اور جس نے ان سے بغض رکھا تو میرے بغض کی وجہ سے ان سے بغض رکھا اور جس نے انہیں ستایا

DAY:________ DATE:________

اس نے مجھے ستایا اس نے اللہ تعالیٰ کو ایذاء دی اور جس نے اللہ تعالیٰ کو ایذاء دی تو قریب ہے کہ اللہ اسے پکڑ لے۔

(سورۃ ممتحنہ)

## سورۃ ممتحنہ کا مرکزی مضمون کیا ہے۔

اس سورت کے مرکزی مضمون میں مسلمانوں کے معاہدہ کرنے اور جنگ نہ کرنے والے مشرکین کے احکام بیان کیے گئے ہیں۔

## مسلمانوں کو کافروں کے ساتھ دوستی کرنے اور محبت رکھنے سے کیوں منع کیا گیا؟

مسلمانوں کو کافروں کے ساتھ دوستی کرنے اور محبت رکھنے سے منع کیا گیا ہے اور بتایا گیا کہ کفار کو جب بھی موقع ملے گا تو تمہیں نقصان پہنچانے میں کوئی کمی نہیں کریں گے۔

## کیا کافر قیامت کے دن کسی کے کام آئیں گے؟

قیامت کے دن کافر اولاد اور کافر رشتے دار کوئی فائدہ نہیں دیں گے بلکہ اس دن ایمان اور نیک اعمال کام آئیں گے۔

DAY: ______ DATE: ______

## دین کے معاملے میں رشتہ داروں کے ساتھ مسلمانوں کو کس طریقے کی پیروی کرنے کا کہا گیا ہے؟

اے مسلمانو! تمہارے لیے ان میں اچھی پیروی تھی اور اس کے لیے جو اللہ اور آخرت کے دن کی امید رکھتا ہے اور جو منہ پھیرے تو بے شک اللہ ہی بے نیاز ہر حمد کے لائق ہے۔

## مستامن، معاہد اور حربی سے کیا مراد ہے؟

مستامن وہ شخص جو دوسرے ملک میں امان لے کر گیا ہو یا حربی دارالاسلام میں یا مسلمان دارالکفر میں گیا۔

معاہد سے مراد وہ غیر مسلم افراد ہیں جو اپنے ملک میں رہتے ہوئے مسلمانوں کے ساتھ شرائط کے ساتھ جنگ نہ کرنے کا معاہدہ کر لیں۔

حربی وہ کافر ہے جس نے مسلمانوں کے ساتھ جزیہ کے عوض اپنے مال و جان کی حفاظت کا عہد نہ لیا ہو۔

(سورۃ الصف)

## کافر کے ساتھ دوستی کے احکام تحریر کیجیے۔

کفار اللہ کے بھی دشمن ہیں اور مسلمانوں کے بھی۔ کافر کبھی بھی مسلمان کا دوست اور خیرخواہ نہیں ہو سکتا۔ کفار سے دشمنی رکھنا اتنا ہی

DAY:________ DATE:________

ضروری ہے جتنا مسلمانوں سے دوستی۔

## حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی نسبت ان کی والدہ کی طرف کی گئی باپ کی طرف کیوں نہیں؟

حضرت عیسیٰ کی نسبت ان کی والدہ کی طرف کی گئی کیونکہ وہ بغیر باپ کے پیدا ہوئے تھے۔

## کفار مشرکین اللہ کے نور کو بجھانا چاہتے ہیں اس سے کیا مراد ہے؟

کفار مشرکین اللہ عزوجل کے نور کو بجھانا چاہتے تھے اس سے مراد یہ ہے کہ وہ دینِ اسلام کو بجھانا چاہتے تھے۔

## حضرت عیسیٰ کس قوم کے نبی تھے؟

حضرت عیسیٰ علیہ السلام بنی اسرائیل کے نبی تھے۔

## ہمارے نبی سے متعلق حضرت عیسیٰ نے جو بشارت دی اسے اپنے انداز میں تحریر کیجیے۔

حضرت عیسیٰ نے اپنے بعد حضور کریم کے آنے کی بشارت دی۔ آپ نے فرمایا: آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی امت علم والی ہوگی۔ وہ اللہ سے ڈرتے ہوئے تھوڑے سے رزق پر راضی ہونگے اور اللہ پاک ان کے تھوڑے عمل پر راضی ہوگا اور اللہ پاک کا شکر ادا کرنے والی امت ہوگی

انکی حمدیں نہایت مختصر ہونگی۔ وہ اللہ پاک
سے راضی ہونگے اور اللہ پاک ان سے راضی ہوگا۔

(سورۃ جمعہ)

**سورۃ جمعہ کا مرکزی مضمون کیا ہے؟**

سورۃ جمعہ کا مرکزی مضمون "نماز جمعہ کا حکم
ہے۔"

**کیا صرف انسان ہی اللہ کی عبادت و ذکر کرتے ہیں؟**

جو کچھ آسمانوں میں اور جو کچھ زمین میں ہے
سب اللہ کی پاکی بیان کرتے ہیں۔

**سورۃ جمعہ میں رسول کریم کے کونسے اوصاف بیان ہوتے ہیں؟**

رسول ان پڑھوں کے رسول ہیں آپ قرآن پاک
کی آیتیں تلاوت فرماتے اور انہیں پاک کرتے، انہیں
کتاب و حکمت کا علم عطا فرماتے۔

**سورۃ جمعہ کے دن پہلی اذان ہونے کے بعد خرید و فروخت کرنا کیسا؟**

جمعہ کے دن پہلی اذان ہونے کے بعد خرید و فروخت
درست نہیں۔ جمعہ کے دن اذان دی جائے تو
اللہ کے ذکر کی طرف دوڑو اور خرید و فروخت
چھوڑ دو۔ اگر جانو تو یہ تمہارے لیے بہتر ہے۔

DAY: DATE:

## موت کی تمنا کرنا کب درست اور کب منع ہے مختصر نوٹ لکھیے

دنیاوی تمام تر معاملات سے تنگ آکر یا غربت کی وجہ سے موت کی تمنا کرنا منع ہے۔ لیکن اللہ کا دیدار کرنے کے لیے موت کی تمنا کر سکتے ہیں موت کی تمنا نہیں کرنی چاہیے۔ کیونکہ اگر انسان نیکیاں کرتا ہے تو اسکی عمر بھی لمبی ہوگی اور وہ زیادہ نیکیاں کرے گا اور اگر گنہگار ہوگا تو شاید وہ توبہ کر کے نیک اعمال شروع کر دے۔

(سورۃ منافقون)

## سورۃ منافقون کی روشنی میں بتائیے کہ عزت کس کے لیے ہے؟

سورۃ منافقون میں عزت تو صرف اللہ اور اسکے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم اور مسلمانوں کے لیے ہی ہے

## سورۃ منافقون میں اولاد اور مال کے متعلق ایمان والوں کو کیا نصیحت کی گئی ہے؟

ایمان والوں کو نصیحت کی گئی ہے کہ تمہارے مال اور اولاد تمہیں اللہ کے ذکر سے غافل نہ کر دیں اور جو ایسا کرے گا تو وہی نقصان اٹھانے والے ہیں۔

DAY:______ DATE:______

## اگر موت آجائے تو اسے ٹالا جا سکتا ہے؟

جب موت آجائے تو اسے ٹالا نہیں جا سکتا کہ اللہ عزوجل کسی جان کو مہلت نہ دے گا کیونکہ وہ تمہارے کاموں سے خبردار ہے۔

## فائدہ مند اور نقصان دہ مال و اولاد سے متعلق چند جملے تحریر کیجیے۔

تمہارے مال اور تمہاری اولاد تمہیں اللہ کے ذکر سے غافل نہ کر دیں۔ جو ایسا کرے گا یعنی دنیا میں مشغول ہو کر دین کو فراموش کر دے گا۔ اور اولاد کی خوشی کے لیے آخرت کی راحت سے غافل رہے گا تو ایسے لوگ ہی نقصان اٹھانے والے ہیں کیونکہ انہوں نے فانی دنیا کے لیے آخرت کے گھر کی باقی رہنے والی نعمتوں کی پرواہ نہ کی۔ نیز قرآن مجید میں مال اور اولاد کو انسان کے لیے فتنہ قرار دیا گیا ہے۔

(سورۃ التغابن)

## پہلی آیت میں کیا شان بیان ہوتی ہے؟

جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمینوں میں ہے یہ سب اللہ کی پاکی بیان کرتے ہیں اللہ عزوجل کی بادشاہت ہے اور اسی کے لیے تمام

DAY:____________ DATE:____________

تعریف ہے وہ ہر چیز پر خوب قادر ہے

**تمام مخلوق میں سے اچھی صورت کس کی بنائی گئی ہے؟**

تمام مخلوق میں سب سے اچھی صورت انسان کی بنائی گئی۔

**کیا مال و اولاد بھی آخرت کی بربادی کا سبب ہیں؟**

مال اور اور اولاد بھی آخرت کی بربادی کا سبب ہیں اور مال و اولا بھی ایک آزمائش ہیں

**اللہ عزوجل کو قرض دینے سے کیا مراد ہے؟ جملے تحریر کیجیے۔**

اللہ پاک کو اچھا قرض دینے سے مراد صدقہ کرنا ہے

- حضور پاک کے ارشاد کا مفہوم ہے، اپنا مال اللہ کی راہ میں خرچ کیا تو نہ وہ ضائع ہوگا، نہ تباہ ہوگا بلکہ اسے اس وقت عطا کیا جائے گا جب اسکو
- اسکی ضرورت ہوگی۔
- صدقہ برہان یعنی دلیل ہے۔
- بروز قیامت انسان اپنے صدقے کے سائے میں ہوگا۔
- مسلمان کا صدقہ عمر بڑھاتا ہے۔
- صدقہ مصیبتوں کو ٹالتا ہے

## رجوع سے کیا مراد ہے؟

ایک یا دو طلاق کے بعد دوبارہ مرد کا عورت کی طرف چلا جاتا اسکو رجوع کہتے ہیں۔

## حاملہ عورت کی عدت کیا بیان ہوئی ہے؟

حاملہ عورت کی عدت بچہ پیدا ہونے تک ہے۔

## سورۃ طلاق میں رسول اکرم کی کیا شان بیان ہوئی؟

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کفر سے نور کی طرف، جہالت سے علم کی طرف اور فسق سے تقوی کی طرف بلانے کی قدرت رکھتے ہیں۔

## تقوی کی تعریف بیان کریں اور تقوای کی فضیلت پر ایک حدیث مبارکہ لکھیے۔

تقوی دینی، دنیاوی نعمتیں ملنے کا سبب ہے اس سے آفتیں دور ہوتی ہیں، دنیا میں رحمتیں آتی ہیں اور آخرت میں بھی اللہ تعالیٰ کرم فرماتا ہے۔

حضرت امام ابو حسن بن علی ابن ابو طالب جو نبی کریم کے نواسے اور آپکے گلشن کے پھول ہیں بیان کرتے ہیں میں نے نبی کریم کی زبانی یہ بات سنی ہے جس کا مفہوم کچھ یوں ہے اچھ چیز تمہیں

DAY: DATE:

شک میں ڈالے اسے چھوڑ دو اور جو چیز تمہیں شک میں مبتلا نہ کرے اسے اپنا لو۔

(سورۃ التحریم)

## توبۃ النصوح کسے کہتے ہیں؟

سچی توبہ کرنے کو توبۃ النصوح کہتے ہیں یعنی ایسی توبہ کرو جسکے بعد گناہ کی طرف لوٹنا نہ ہو۔

## کیا اللہ پاک کے علاوہ بھی کوئی کسی کی مدد کر سکتا ہے؟

جی ہاں، اللہ کی اجازت سے اسکے بندے بھی مدد کرتے ہیں۔

## سورۃ تحریم کی آیت نمبر 6 میں ایمان والوں کو کیا حکم دیا گیا ہے؟

اے ایمان والو! اپنی جانوں اور اپنے گھر والوں کو اس آگ سے بچاؤ جس کا ایندھن آدمی اور پتھر ہیں

## اپنے گھر والوں کی اسلامی تعلیم و تربیت کے متعلق مختصر نوٹ تحریر کریں!

اپنے اہل خانہ کی اسلامی تعلیم و تربیت کرنا بھی اس پر لازم ہے لہذا ہر مسلمان کو چاہیے کہ وہ اپنے گھر والوں، بیوی بچوں اور گھر میں جو بھی افراد اسکے ماتحت ہیں ان سب کو اسلامی احکامات کی تعلیم دے یاد دلوائے یونہی اسلامی

DAY: ____________ DATE: ____________

تعلیمات کے سائے میں انکی تربیت کریں تاکہ یہ بھی جہنم کی آگ سے محفوظ رہیں۔ (سورۃ الملک)

## آیت نمبر 2 میں عمل کے احسن ہونے سے کیا مراد ہے؟

عمل کے احسن ہونے کا مطلب ہے کہ کون اللہ کی فرمانبرداری کرتا ہے، اللہ کے ساتھ مخلص ہے اور شریعت کی پیروی کرتا ہے۔

## سورہ ملک کی روشنی میں ستاروں کے فوائد تحریر کیجیے

اور بے شک ہم نے نیچے والے آسمانوں کو چراغوں سے آراستہ کیا اور انہیں شیطانوں کے لیے مارنے کا ذریعہ بنایا۔

## پرندوں کو اڑنے کی طاقت کس نے عطا کی؟ آیت 19 کی روشنی میں بتائیے۔

پرندوں کو اُڑنے کی طاقت رحمٰن نے عطا فرمائی۔ اور اس کے سوا کوئی روکتا نہیں۔

## زندگی اور موت کی حکمت تحریر کریں۔

ہمیں زندگی عطا کیے جانے پر اور ہم پر موت مسلط ہونے کی حکمت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی اطاعت اور فرمانبرداری کے معاملے میں ہماری جانچ ہو جائے کہ ہم میں سے کون اللہ تعالیٰ

DAY: DATE:

کی اطاعت کرتا ہے اور کیسی اطاعت کرتا ہے تاکہ آخرت میں جب اطاعت گزاروں کو انعامات ملیں اور نافرمانوں کو سزائیں ملیں تو کوئی یہ اعتراض نہ کر سکے کہ اطاعت گزاروں کو انعامات اور نافرمانوں کو سزا کیوں ملی یاد رہے کہ دنیا کی زندگی ایک دن ضرور ختم ہو جائے گی جبکہ آخرت کی زندگی ہمیشہ باقی رہنے والی ہے

(سورۃ القلم)

مداہنت کیا ہے؟

دنیا کی خاطر دین کے احکام میں خلافِ شرع نرمی برتنا مداہنت ہے اور یہ ناجائز حرام ہے

حلاف کسے کہتے ہیں اور بہت زیادہ کھانا کس کی صفت ہے؟

حلاف سے مراد بڑا قسمیں کھانے والا ہے۔ بہت زیادہ قسمیں کھانا منافقین کی صفت ہے

سورۃ قلم کی آیت 12 میں کافر کے کتنے اور کونسے عیب بیان ہوتے ہیں؟

سورۃ قلم کی آیت نمبر 12 میں کافر کے 3 عیب بیان ہوتے ہیں۔

ھلا تی سے مراد روکنے والا

حد سے بڑھنے والا

بڑا گنہگار

DAY:________ DATE:________

## کیا کافر اور مسلمان برابر ہیں؟

کافر اور مسلمان برابر نہیں۔ مسلمان اللہ کی عبادت کرتے اور کافر بت کی عبادت کرتا ہے۔

## نافرمانیوں کے باوجود دنیاوی نعمتیں ملتی رہنا کیسا؟

نافرمانیوں کے باوجود دنیاوی نعمتیں ملتی رہنا آزمائش کا سبب ہے۔

## سورۃ القلم کی آیت نمبر ۱۷ سے 38 تک میں بیان کیا گیا باغ والوں کا واقعہ اپنے انداز میں تحریر کریں۔

اس سورۃ میں جس باغ کی مثال دے کر اسکا واقعہ بیان کیا گیا اسکا نام ضروان تھا۔ اس باغ کا مالک ایک نیک مرد تھا اور وہ اس باغ کے پھل فقراء کو دیتا تھا۔ اسکی یہ عادت تھی کہ وہ جب بھی باغ میں جاتا تو فقراء کو بلا لیتا اور تمام گرے پڑے پھل فقراء لے لیتے تھے۔ کھیت باغ میں بستر بچھا دیئے جاتے اور جب پھل توڑے جاتے تو جتنے پھل بستروں پر گرتے وہ بھی فقراء کو دے دیئے جاتے غرض یہ کہ وہ سخاوت کرنے میں کوئی قصر نہ چھوڑتا تھا۔ اسکے انتقال کے بعد اسکے 3 بیٹے وارث

DAY:__________ DATE:__________

ہوئے اور انہوں نے باہم مشورہ کیا کہ مال قلیل ہے اور کنبہ بڑا ہے اس لیے اگر والد کی طرح ہم بھی خیرات جاری رکھیں گے تو تنگ دست ہو جائیں گے اس لیے انہوں نے مل کر قسم کھائی کہ صبح سویرے لوگوں کے اٹھنے سے پہلے ہی باغ میں جا کر پھل توڑ لیں گے تاکہ مسکینوں کو خبر نہ ہو۔

اسکا خلاصہ یہ ہے کہ انہوں نے صبح سویرے پھل توڑنے کی قسم کھائی جسکا خلاصہ یہ ہے کہ وہ اسکے ساتھ ان شاء اللہ کہنا بھول گئے۔ اور اس باغ پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک آگ آئی جو اسکو تباہ و برباد کر گئی۔ صبح سویرے وہ اس باغ میں پہنچے اور کہنے لگے آج ہرگز کوئی مسکین تمہارے باغ میں نہ آنے پائے۔ پھر جب وہ باغ کے قریب پہنچے تو انہوں نے اس باغ کو دیکھا کہ وہ جل چکا ہے تو وہ کہنے لگے یہ ہمارا باغ نہیں۔ جب باغ کو غور سے دیکھا تو پہچان لیا کہ یہ اپنا ہی باغ ہے تو وہ کہنے لگے: ہم راستہ نہیں بھولے بلکہ غریبوں کو ان کے حق سے محروم کرتے ہم خود ان پھلوں سے محروم ہو گئے ہیں۔ ان میں سے جو عقل مند تھا اس نے کہا کہ تم اللہ تعالیٰ کی تسبیح کیوں

DAY: DATE:

نہیں کرتے اور اس برے ارادے سے توبہ کیوں نہیں کرتے اور اللہ تعالی کی نعمتوں کا شکر کیوں نہیں بجا لاتے۔ تو اس پر ان سب نے کہا: ہمارا رب پاک ہے اور پھر انہوں نے اللہ تعالی کی پاکی بیان کی اور اپنے اس گناہ سے توبہ کی اور اللہ تعالی کی نعمت کا شکر ادا کیا اور کہنے لگے افسوس کہ ہم نے اپنے باپ دادا کے نیک طریقے کو چھوڑ دیا امید ہے کہ ہمارا رب ہمیں اس سے بہتر بدل دے۔ ان لوگوں نے سچے اور اخلاص کے ساتھ توبہ کی تو اللہ تعالی نے انہیں اسکے بدلے اس سے بہتر باغ عطا فرمایا جس کا نام "باغ حیوان" تھا اور اس میں کثیر پیداوار ہوتی۔

(سورۃ الحاقہ)

## اس سورت کا نام حاقہ کیوں رکھا گیا؟

حاقہ قیامت کے ناموں میں سے ایک نام ہے۔ اسکا معنی ہے یقینی طور پر واقع ہونے والی چونکہ اس سورۃ کو اسی نام کے سوال کے ساتھ شروع کیا گیا اسی لیے اسے سورۃ حاقہ کہتے ہیں۔

## سورۃ حاقہ میں کن دو قوموں کا ذکر ہے اور وہ کس طرح ہلاک ہوئیں۔

قوم ثمود کے لوگ چنگھاڑ سے ہلاک کیے گئے اور

DAY:________

DATE:________

قوم عاد کے لوگوں پر گرجتی ہوئی آندھی نازل ہوئی اور وہ آندھی ان پر 7 راتیں اور 8 دن پوری قوت کے ساتھ مسلط رہی اسی وجہ سے وہ ہلاک ہوئے۔

## قوم عاد کے لوگوں پر کس طرح عذاب آیا؟

قوم عاد پر گرجتی آندھی آئی۔ اللہ نے ان پر وہ آندھی 7 راتیں اور 8 دن مسلسل پوری قوت کے ساتھ ان پر مسلط رہی۔

## قیامت کے دن عرش الہٰی کو کتنے فرشتے اٹھاتے ہوئے ہوں گے؟

قیامت کے دن عرش الہٰی کو 8 فرشتے اٹھاتے ہوتے ہوں گے۔

## کیا قیامت کے دن مال و دولت کام آئے گا؟

قیامت کے دن مال و دولت کام نہیں آئیں گے صرف انسان کے اعمال ہی کام آئیں گے۔

## سیدھے اور اُلٹے ہاتھ میں اعمال نامے دیے جانے والے لوگ کونسے ہیں؟

بروزِ قیامت جن لوگوں کو سیدھے ہاتھ میں اعمال نامہ دیا جائے گا تو وہ لوگ فلاح پانے والوں میں سے ہوگا وہ انتہائی فرحت و سرور میں ہوگا فرحت و سرور کے ساتھ اپنی جماعت اپنے اہل خانہ کی طرف جائے گا ان کے لیے بہت بڑا اجر و ثواب ہوگا اور وہی قریب

DAY:________ DATE:________

والے ہونگے دبی نعمتوں کے باغات میں ہونگے غرض وہ یہ ہے کہ
اس دن کامیابی حاصل کر لیں گے اور اسکا اعمال نامہ بائیں ہاتھ
دیا جائے گا تو وہ اپنے برے اعمال کو دیکھ کر کہے گا کہ کاش مجھے
میرا نامۂ اعمال دیا ہی نہ جاتا اور میں نہ جانتا کہ میرا حساب
کیا ہے جسکا اعمال نامہ بائیں ہاتھ میں دیا جائے گا وہ جہنمی ہوگا
پھر اسکو بھڑکتی ہوئی آگ میں داخل کر دیا جائے گا بائیں جانب
والے شدید گرم اور کھولتے پانی میں ہونگے اور شدید سیاہ دھوئیں
کے سائے میں ہونگے اور انکی نجات کی کوئی صورت نہیں ہوگی

(معارج)

## کیا مومن اور کافر دونوں کے لیے قیامت کا دن 50 ہزار سال کے برابر ہوگا؟

کافر کے لیے قیامت کا دن انکی سختی کی وجہ سے 50 ہزار سال کے برابر ہوگا جبکہ مومن کے لیے یہ دن فرض نماز کے برابر ہوگا۔

## کیا کوئی کافر کچھ دے کر عذاب سے بچ سکے گا؟

کافر کو قیامت کے دن کسی بھی صورت میں نجات نہیں ملے گی۔

## سورۃ معارج میں کتنے اعلیٰ اوصاف کا ذکر آیا ہے؟

اپنی امانتوں اور اپنے عہد کی حفاظت کرنے والے،
اپنے رب کے عذاب سے ڈرنے والے، اپنی شرم گاہ
کی حفاظت کرنے والے، اپنی گواہیوں پر قائم

DAY: ______ DATE: ______

رہنے والے، نمازوں کی پابندی کرنے والے، صدقہ کرنے والے۔

## حرص پر مختصر نوٹ تحریر کیجیے۔

خواہشات کی زیادتی کے ارادے کا نام حرص ہے اور بری حرص یہ ہے کہ اپنا حصہ حاصل کر لینے کے باوجود دوسرے کے حصے کی لالچ رکھنا یا کسی چیز سے جی نہ بھرنے اور ہمیشہ زیادتی کی خواہش رکھنے کو حرص اور حرص رکھنے والے کو حریص کہتے ہیں۔ سمجھنے میں عام طور پر حرص کا تعلق مال و دولت کے ساتھ ہوتا ہے حالانکہ ایسا نہیں کیونکہ حرص تو کسی چیز کی مزید خواہش بڑھانے کا نام ہے مال کی خواہش رکھنے والے کو مال کا حریص اور مزید کھانے والے کو کھانے کا حریص، نیکیوں میں اضافے کے تمنائی کو نیکیوں کا حریص اور گناہوں کا بوجھ بڑھانے والے کو گناہوں کا حریص کہیں گے لالچ اور حرص کا جذبہ خوراک، لباس، مکان، سامان، دولت، عزت، شہرت الغرض ہر نعمت میں ہوا کرتا ہے۔

(نوح)

**حضرت نوح نے اپنی قوم کو کس چیز سے ڈرایا اور کیا حکم دیا؟**

حضرت نوح نے اپنی قوم کو اللہ کے غضب سے ڈرایا اور حکم دیا کہ اللہ کی بندگی کرو اس سے ڈرو اور میرا حکم مانو۔

**حضرت نوح نے اپنی قوم کو کس انداز میں تبلیغ فرمائی؟**

DAY:__________ DATE:__________

آپ علیہ السلام نے اپنی قوم کی بت پرستی چھوڑ دیئے اور صرف اللہ کی عبادت کرنے کا درس دیا ان کے سامنے اللہ کی قدرت اور وحدانیت کے دلائل بیان کیے اللہ عزوجل کے غضب اور عذاب سے ڈرایا۔

**حضرت نوح نے ایمان والوں اور کافروں کے لیے کیا دعا فرمائی؟**

حضرت نوح نے ایمان والوں کے لیے دعا فرمائی کہ سب مسلمانوں کو بخش دے اور کافروں میں سے زمین پر بسنے والا کوئی نہ چھوڑ۔

**قوم نوح پر عذاب آنے کی وجہ اور اس سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے چند جملوں میں تحریر کیجیے۔**

قوم نوح پر عذاب آنے کی وجہ انکی سرکشی تھی ہمیں عذاب میں نہیں پڑھنا سرکشی نہیں کرنی جو نیکی کے کام کرنے کا حکم دیا گیا ہے وہ کریں گناہ اور خطائیں عذاب الہی کا سبب ہیں۔ اس لیے اللہ سے ڈرتے رہنا چاہیے تمام رسولوں پر ایمان لانا چاہیے اور گناہوں سے بچا جائے۔

DAY: DATE:

(سورۃ جن)

## نبی کریم کی تشریف آوری سے پہلے جنات آسمان دنیا پر کس لیے جاتے تھے؟

جنات آسمان دنیا میں فرشتوں کی باتیں چوری چھپے سننے کے لیے جاتے تھے رسول کی تشریف آوری کے بعد پہرے بٹھا دیے گئے۔

## کیا انسانوں کی طرح جنات میں بھی مختلف گروہ ہوتے ہیں؟

انسانوں کی طرح فرشتوں کے بھی مختلف گروہ ہوتے ہیں۔ مسلمان، کافر، نیک اور بد ہر طرح کے جنات ہیں۔

## کیا کافر جن بھی جہنم میں جائیں گے۔

کافر جن بھی جہنم کے ایندھن ہوں گے۔

## اللہ اور اسکے رسول کا حکم نہ ماننے والے کی کیا سزا بیان کی گئی ہے سورۃ جن کی روشنی میں...؟

جو اللہ اور اسکے رسول کا حکم نہ مانے تو بے شک اسکے لیے جہنم کی آگ ہے اور اس میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے

اللہ عزوجل نے اپنے پسندیدہ رسولوں کو غیب کا علم

DAY:________ DATE:________

عطا فرماتا ہے۔ جو اپنے رسولوں کی طرف وحی نازل فرماتا ہے فرشتے اسکی حفاظت کرتے ہیں۔

## جنات سے متعلق 5 باتیں تحریر کیجیے

جن ایک قسم کی مخلوق ہے جو آگ سے پیدا کی گئی ہے بنی آدم یعنی نوع انسان کی طرح ذی عقل اور ارواح و اجسام والی ہے انکی نسل بھی انسانوں کی طرح بڑھتی اور پھولتی پھلتی ہے انکی عمریں بہت طویل ہوتی ہیں جنوں میں بعض کو یہ طاقت بھی دی گئی ہے کہ جو شکل چاہیں بن جائیں ان میں مسلمان بھی ہیں کافر بھی مگر ان کے کفار انسان کی بہ نسبت زیادہ ہیں۔

## (سورۃ المزمل)

### مزمل کے معنی کیا ہیں؟

مزمل کے معنی ہیں "چادر اوڑھنے والا"

### ترتیل کے ساتھ تلاوت قرآن سے کیا مراد ہے؟

قرآن پاک کو آہستہ آہستہ ٹھہر کر تلاوت کرنا ترتیل ہے۔

### رات کے قیام کے ساتھ کن نیکیوں کا حکم دیا گیا ہے؟

قرآن کی تلاوت کرنا، نماز قائم کرنا، زکوٰۃ اور اللہ کو اچھا قرض دینا، اللہ عزوجل سے بخشش مانگنا۔

DAY: ______ DATE: ______

**ترتیل کے ساتھ قرآن پاک کے متعلق ٹیچر سے معلومات حاصل کر کے اپنے انداز میں تحریر کیجیے۔**

- قرآن کریم کو خوب ٹھہر ٹھہر کر پڑھنا قواعد تجوید کے مطابق پڑھنا ترتیل ہے۔
- ترتیل میں مدات و حرکات وغیرہ میں حد سے زیادہ دیر کرنا مکروہ ہے
- ترتیل حروف کو عمدگی سے مخارج و صفات کے ساتھ ادا کرنا و قف کی جگہ کو پہچاننے کا نام ہے
- قرآن مجید کو ٹھہر ٹھہر کر اطمینان سے پڑھنا۔

(سورۃ المدثر)

**مدثر کا معنی بیان کیجیے۔**

مدثر کا معنی "چادر اوڑھنے والا"

**جہنم پر کتنے فرشتے مقرر ہیں؟**

جہنم پر 19 فرشتے مقرر ہیں۔

**آیت 28 اور 29 میں جہنم کی کونسی صفات بیان ہوتی ہیں۔**

نہ باقی رہنے دے گی نہ چھوڑے گی آدمی کی کھال جلا دینے والی ہے

**نصیحت سے منہ موڑنے والے کفار کو کس چیز سے تشبیہ دی گئی ہے؟**

DAY: DATE:

نصیحت سے منہ موڑنے والے کو بدکے ہوئے گدھے سے تشبیہ دی گئی ہے

## کافروں کو کیا چیز جہنم میں لے گئی؟

وہ نمازیوں میں سے نہیں تھے مسکین کو کھانا نہیں کھلاتے تھے بیہودہ فکر والوں کے ساتھ بیہودہ باتیں سوچتے تھے اور انصاف کے دن کو جھٹلاتے تھے یہاں تک کہ موت آ گئی۔

## مسکین کے ساتھ حسن سلوک سے پیش آنے کے بارے میں مضمون:-

مسکین وہ ہے جس کے پاس کچھ نہ ہو حتیٰ کہ اسے کھانے اور جسم ڈھانپنے کے لیے لوگوں سے سوال کرنا پڑے اور اسے سوال کرنا بھی جائز ہو مسکین کو ڈانٹنے سے بچا جائے اور اس کے ساتھ اچھا سلوک کیا جائے نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

"مسکین کے ساتھ اور بیوہ سے حسن سلوک کرنے والا ایسا ہے گویا اس نے ساری رات قیام کیا اور دن کو روزہ رکھا۔"

(سورہ قیامہ)

## سورہ قیامہ کی آیت 7 تا 9 میں قیامت کی کتنی اور کونسی علامات بیان ہوئی ہیں؟

DAY: DATE:

تو اس دن آنکھ دہشت زدہ ہو جائے گی اور چاند تاریک ہو جائے گا اور سورج و چاند کو ملا دیا جائے گا۔

## کفار قیامت کا انکار کیوں کرتے ہیں؟

کافر موت کو نہیں مانتے اور نماز نہیں قائم نہیں کرتے ان کا کہنا تھا کہ مرنے کے بعد زندہ نہیں کیے جائیں گے اسی لیے وہ قیامت کا انکار کرتے تھے۔

## سورہ قیامہ میں موت کی سختی کو کس طرح بیان کیا گیا ہے؟

جان گلے کو پہنچ جائے گی اور وہ سمجھ جائے گا کہ جدائی کا وقت ہے اور پنڈلی سے پنڈلی مل جائے گی اور اس دن تیرے رب کی طرف چلنا ہو گا۔

## بروزِ قیامت مومنوں اور کفار و منافقین کے چہرے کیسے ہوں گے؟

مومنوں کے چہرے تر و تازہ اور کافروں کے چہرے بگڑے ہوں گے۔

## سورہ قیامہ میں استعمال ہونے والے وہ الفاظ لکھیں جو اور جو میں بھی استعمال ہوتے ہوں۔

جمع رب انسان عمر

علقہ نطفہ منی

## مومنوں کے لیے جنت کی نعمتیں ہیں کفار کے لیے کیا ہے؟

مومنوں کے لیے جنت اور کفار کے لیے دہکتی بھڑکتی آگ ہے اور طوق اور زنجیریں ہیں۔

## اہل جنت کو پینے کے لیے کیسا مشروب ملے گا۔

نیک لوگ جنت میں ایسا جام پیئے گے جس میں کافور ملا ہوگا اور کافور ایک جنتی چشمہ ہے۔

## آیت 7 تا 10 میں نیک لوگوں کی کونسی صفات بیان ہوئی ہیں؟

اپنی منتیں پوری کرتے ہیں اور اس دن سے ڈرتے ہیں جسکی برائی پھیلی ہوئی ہوگی اور اللہ کی محبت میں مسکین اور یتیم اور قیدی کو کھانا کھلاتے ہیں۔ ہم تمہیں خاص اللہ کی رضا کے لیے کھانا کھلاتے ہیں ہم تم سے نہ کوئی بدلہ چاہتے ہیں نہ شکریہ بیشک ہمیں اپنے رب سے ایک ایسے دن کا ڈر ہے جو بہت ترش، نہایت سخت ہے

## کیا جنت میں گرمی اور سردی ہوگی؟

نہ اس میں دھوپ دیکھیں گے نہ سردی۔

## وہ کونسی چیزیں ہیں جو دنیا میں مردوں کے لیے حرام جبکہ آخرت میں حلال ----

DAY: ________ DATE: ________

ریشمی زیور

ریشمی کپڑے اور سونے کے زیورات مردوں کے لیے حرام ہیں لیکن جنت میں حلال ہوں گے

**یتیم اور مسکین کو کھانا کھلانے کی اہمیت پر اپنے انداز سے نوٹ تحریر کیجیے**

مسکین اسے کہتے ہیں جسکے پاس کچھ نہ ہو یہاں تک کہ وہ کھانے اور بدن چھپانے کے لیے لوگوں سے سوال کرے اور یتیم اس نابالغ بچے کو کہتے ہیں جسکا باپ فوت ہو چکا ہو۔

حضرت ابوھریرہ سے روایت ہے:

تاجدار مدینہ نے فرمایا یتیموں اور مسکینوں کی مدد کرنے والا جہاں میں سعی کرنے والے اور بے تھکے مسلسل شب بیداری کرنے والے اور ہمیشہ روزہ رکھنے والے کی مثل ہے۔

(سورۃ المرسلت)

**اس سورت میں یہ آیت مبارکہ "ویل یومئذ للمکذبین" کتنی بار آتی ہے + ترجمہ**

۱۰ مرتبہ آتی ہے اور اسکا ترجمہ "اس دن جھٹلانے والوں کے لیے خرابی ہے"۔

DAY:________ DATE:________

**سورۃ المرسلت کی آیت نمبر 8 تا 10 میں قیامت کی کتنی اور کونسی علامات ہیں؟**

پھر جب تارے مٹا دیے جائیں گے، آسمان پھاڑ دیے جائیں گے اور پہاڑ غبار بنا کر اُڑا دیے جائیں گے۔

**زمین ہمارے لیے کس طرح نعمت ہے۔ سورۃ المرسلت کی روشنی میں۔**

کیا ہم نے زمین کو جمع کرنے والی نہ بنایا زندوں اور مردوں کو اور ہم نے اس میں اونچے اونچے مضبوط پہاڑ بنا دیئے اور ہم نے خوب میٹھے پانی سے تمہیں سیراب کیا۔

**متقین کو ان کے اعمال کا بدلہ کیا ملے گا؟**

بیشک ڈرنے والے سایوں اور چشموں میں ہوں گے اور پھلوں میں جو چاہیں گے اپنے اعمال کے بدلے مزے سے کھائیں گے

**جہنم کا دھواں کیسا ہوگا؟**

اس دھوئیں کی 3 شاخیں ہوں گی ایک کفار کے سر کے اوپر، ایک سیدھی جانب، ایک الٹی جانب۔

DAY: ________ DATE: ________

# پانی کے آداب تحریر کیجیے۔

- پانی پینے سے پہلے بسم اللہ اور اسکے بعد الحمد اللہ کہنی چاہیے۔
- پانی پیتے وقت دیکھ کر سر ڈھانپ کر پینا چاہیے۔
- دائیں ہاتھ سے پینا چاہیے۔
- پانی 3 سانسوں میں پینا چاہیے۔
- پانی بیٹھ کر پینا چاہیے اور آخر میں جو تھوڑا بچے اسے ضائع کر نہیں کرنا چاہیے۔

Maliha Azad

رب کریم آپ کو عالمہ باعمل مفتیۂ اسلام بنائے۔ آپ کا سینہ مدینہ بنائے آمین۔

12-09-2022